Volume IV
No. 41

SP-IV-41-76 (E)
250

# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

---

## *OFFICIAL REPORT*

---

Tuesday, May 11, 1976

---

CONTENTS

| | PAGES |
|---|---|
| Starred Questions and Answers ... ... ... | 117 |
| The Defence of Pakistan (Second Amendment) Bill, 1976—*Pessed* | 118 |
| The Criminal Law Amendment (Special Court) (Amendmet) Bnill, 1976—*Passed* ... ... ... ... ... ... | 144 |

PRINTED AT THE CARAVAN PRESS, DARBAR MARKET, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATION, KARACHI
*Price : Paisa 50*

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

---

**Tuesday, May 11, 1976**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at five of the clock in the evening, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

---

*(Recitation from the Holy Quran)*

---

## STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Chairman :** Yes, now there is a question in the name of Maulana Shah Ahmad Noorani. It is Question No. 122.

### ELECTRIC MOTORS

122. ***Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** Will the Minister for Commerce and Tourism be pleased to state :

(a) whether it is a fact that Government is spending a huge amount of foreign exchange on the import of various kinds of electric motors of various horse power including explosion proof and fire proof motors ;

(b) whether it is a fact that such motors are also produced by Siemens Pakistan Limited which is enough not only to meet the country's requirements but also for export ; and

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, the reasons therefor ?

**Mir Afzal Khan :** (Read by Mr. M. Rafi Raza)

(a) Only a small fraction of private sector import bill was spent on import of motors not mancfactured in the country during 1974-75.

(b) No.

[Mir Afzal Khan]

(c) Does not arise.

**Mr. Chairman :** Yes, supplementary ?

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : کیا محترم وزیر صاحب یہ ارشاد فرمائیں گے
کہ کتنی تعداد میں electric motors باہر سے امپورٹ کئے جاتے ہیں اور کتنی تعداد
میں یہاں مینوفیکچر ہوتے ہیں ؟

**Mr. M. Rafi Raza** (Minister for Production) : Sir, the demand for all types of electric motors in the country is more than 256,000 Horse Power per annum and the particular Company that the Hon'ble Member is referring to, M/s. Siemens (Pakistan) Limited have a sanctioned capacity of 80,000 Horse Power and their installed capacity is reported to be 120,000 Horse Power. During 1974-75 their production was around 86,000 H. P. They produce mostly electric motors of half Horse Power to 40 Horse Power and the import of electric motors, I would point out, of half Horse Power to 30 Horse Power is banned. So, it is really a smaller fraction of Horse Power that we import, what we import is what we do not make here. The same Company also manufactures some which we do not need and these are actually exported. Siemens (Pakistan) Limited is exporting one Lakh motors.

**Mr. Chairman :** All right, no further supplementary ? Now, we take up legislative business. Yes, Malik Sahib.

## THE DEFENCE OF PAKISTAN (SECOND AMENDMENT) BILL, 1976

**Malik Mohammad Akhtar** (Minister for Law and Parliamentary Affairs) : Sir, I beg to move : "That the Bill further to amend the Defence of Pakistan Ordinance, 1971 [The Defence of Pakistan Second Amendment) Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Mr. Chairman :** Yes, the motion made is : "That the Bill further to amend the Defence of Pakistan Ordinance, 1971 [The Defence of Pakistan (Second Amendment) Bill 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** Opposed, Sir.

**Mr. Chairman :** Opposed.

**Malik Mohammad Akhtar :** It is a simple amending Bill and it proposes to amend only one clause of Defence of Pakistan Ordinance, 1971, and it has become necessary to amend this section in view of Article 25 of the Constitution which lays that "All citizens shall be equal before law." It is proposed, Sir, that the Tribunals to be constituted under the Defence of Pakistan Ordinance shall have exclusive jurisdiction to try all the cases in respect of the offences enumerated in the Defence of Pakistan Rules and, Sir, all the

cases whether pending with the Magistrates or under trial before this Tribunal such Tribunals were constituted and any of the Tribunals trying such offences were terminated and such cases shall stand transferred to the Special Tribunal. We do not seek any amendment in any of the other sections of Ordinance of 1971 and that is even being carried out to make the provisions of Article 25 which has become necessary, Sir, and in order to remove ambiguity although the earlier amending Bill or Ordinance did cover this sphere but we want to make it abundantly clear that such cases shall stand transferred.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! محترم وزیر قانون صاحب نے اپنی تقریر دلپذیر میں جن مقاصد کا ذکر فرمایا ہے مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وہ بل میں موجود ہی نہیں ہیں ۔ بل کے ساتھ Statement Objects and Reasons میں تین مقاصد بیان کئے گئے ہیں ۔ ایک یہ کہ ان مقدمات کے سلسلے میں یکسانیت یا یونیفارمٹی کی پالیسی گورنمنٹ اختیار کرنا چاہتی ہے ۔ دوسرا یہ کہ جن گواہان کو اسپیشل ٹریبونل کے سامنے مقدمہ آنے سے قبل کوئی عدالت یا کوئی ٹریبونل ایگزامن کر چکا ہوگا اور ان کی شہادتیں قلم بند کر چکا ہو تو اس ٹریبونل کے لئے یہ لازمی ہوگا کہ ان کو دوبارہ طلب کریں اور تیسری بات یہ درج کی گئی ہے کہ اس ترمیمی بل کے ذریعے Defence of Pakistan Ordinance میں اپیل کی گنجائش پیدا کی جائے گی ۔

**Malik Mohammad Akhtar :** On a point of order, Sir. I will not let him open whatever is not proposed in the amending Bill.

(*Interuption*)

**Malik Mohammad Akhtar :** I rise on a point of order. He has got an amendment.

(*Interuption*)

**Malik Mohammad Akhtar :** Please I am on a point of order. He has also got an amendment which is altogether not relating to the amending Bill and he knows that he cannot discuss that amendment at that stage. I will respect fully submit, Sir, that even in your presence there was a big ruling in the West Pakistan Assembly by the Speaker of the West Pakistan Assembly covering about 40 to 50 pages wherein it was held that in an amending Bill the scope of discussion will be restricted to the proposed amendment. Now, in the garb of discussing one certain section 9 of the Defence of Pakistan Ordinance, he cannot be allowed to discuss the entire or any of the sections of Defence of Pakistan Ordinance.

**Mr. Chairman :** Are you referring to the ruling of Ch. Mohammad Anwar?

**Malik Mohammad Akhtar :** Yes, Sir, probably you were there, and you raised that objection, and we were opposing the other side.

**Mr. Chairman :** You were there, and he was there.

**Malik Mohammad Akhtar :** And we were thrown out, Sir.

**Mr. Chairman ;** No, no, but this is quite obvious without referring to that ruling, that ten years old ruling, it is quite obvious that his remarks must be restricted to the scope of the amending Bill. This is quite obvious, you see that you can assail, you can criticise, you can oppose, not the original Bill.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں نے اوریجنل بل کا ذکر نہیں کیا -

جناب چیئرمین : انہیں غلط فہمی ہوگئی ہوگی -

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, he was referring to the appellate side, there is no question of appellate side here.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں Statement of Objects and Reasons کا ذکر کر رہا ہوں جو ان میں درج ہے -

جناب چیئرمین : لیکن Statement of Objects and Reasons میں توگواہان کا ذکر نہیں ہے -

خواجہ محمد صفدر : بندہ نواز ! میں اسے پڑھے دیتا ہوں -

ملک محمد اختر : لیکن اپیل میں گواہان کا تعلق نہیں ہے -

خواجہ محمد صفدر : ملک صاحب • جناب چیئرمین کو سمجھنے دیں -

**Mr. Chairman :** I don't see any.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir No. 2 of Statement of Objects and Reasons says : "It has also been provided that by reason of a case to the Special Tribunal, the witnesses already examined need not be recalled." Am I correct Sir ?

**Mr. Chairman :** You are right.

**Khawaja Mohammad Safdar :** And No. 3 of Statement of Objects and Reasons is : "By the amending bill it has also been provided........"

**Mr. Chairman :** You can confine with regard to three intended amendments.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Please have a look at page 2. No. 3 of Statement of Objects and Reasons reads :

"By the amending Bill it has also been provided that any person sentenced by the Special Tribunal shall have a right of appeal to the High Court..........."

**Mr. Chairman :** There is no controversy about this.

خواجہ محمد صفدر : اس میں کوئی controversy نہیں کہ میں بیان اغراض و وجوہ پڑھ رہا ہوں -

**Mr. Chairman** : But you both agree to this proposition. You should confine to the amendments which are sought to be included in the original Bill.

**خواجہ محمد صفدر** : میں بڑی اچھی طرح سے سمجھتا ہوں لیکن اس وقت میری contention یہ ہے کہ انہوں نے جو بیان اغراض و وجوہ دیا ہوا ہے اس کے اسکوپ کے متعلق پہلی خواندگی میں ہی فیصلہ کرنا ہے - اگر انہوں نے تین وجوہات دی ہوئی ہیں تو میرا خیال ہے کہ مجھے یہ حق حاصل ہے کہ میں ان تینوں وجوہات پر بحث کروں - اگر دو وجوہات دیئے ہوئے ہیں تو دو پر بحث کروں اور اگر ایک ہے تو ایک پر بحث کروں -

**جناب چیئرمین** : ایک تو اصل ایکٹ ہے -

**خواجہ محمد صفدر** : میں اصل ایکٹ کی بات نہیں کر رہا ہوں -

**جناب چیئرمین** : ایک اصل ایکٹ ہے - اس بل کے ذریعے اس میں ترامیم لائی جا رہی ہیں - جہاں تک ترامیم کا تعلق ہے آپ ان پر بحث کر سکتے ہیں ، صرف ترامیم پر -

**خواجہ محمد صفدر** : بندہ نواز ! غالباً میں اپنی بات کی وضاحت نہیں کر سکا - اگرچہ آپ بھی بڑی اچھی طرح سے اور مجھ سے بہتر جانتے ہیں اور میں بھی جانتا ہوں کہ بیان اغراض و وجوہ بل کا حصہ نہیں ہوتا لیکن بل کی وضاحت کے لیے بل کے ساتھ دیا جاتا ہے اور اس طرح یہ بل کا ایک ضروری حصہ بن جاتا ہے - فرض کیجئے کہ میں آج غیر سرکاری حیثیت میں ایک بل دیتا ہوں جس کے ساتھ بیان اغراض و وجوہ شامل نہیں تو وہ بل مجھے واپس کر دیا جائے گا ، اگرچہ یہ اس کے متن کا حصہ نہیں لیکن وضاحت کے لئے اس کا ساتھ ہونا لازمی ہے کہ میں چاہتا کیا ہوں - یہی صورت حال محترم وزیر متعلقہ کے اس بل کی ہے - وہ کیا چاہتے ہیں ، اس کی وضاحت انہوں نے بیان اغراض و وجوہ میں کی ہوئی ہے اور میں اس وقت انہی کو موضوع بحث بنا رہا ہوں - اگر میں اس سے باہر جاؤں تو بالکل ٹھیک ہے ، وزیر متعلقہ اس پر پوائنٹ آف آرڈر اٹھا سکتے ہیں اور آپ مجھے رول آؤٹ کر سکتے ہیں - - - -

**ملک محمد اختر** : چلئے جی ! جو کچھ آپ نے کہنا ہے کہہ لیجئے -

**خواجہ محمد صفدر** : اگر یہ لکھا ہوا نہ ہوتا تو میں کچھ نہ کہتا -

**جناب چیئرمین** : خواجہ صاحب ! میں خود ایک بات جاننے کا محتاج ہوں - بل میں کچھ ترامیم کی جاتی ہیں ، ایک ، دو ، تین اور بیان اغراض و وجوہ میں

[Mr. Chairman]

ان کا ذکر آتا ہے ، ان کی وضاحت کی جاتی ہے - اگر بیان اغراض و وجوہ میں کوئی ایسی بات کہی جائے جو قطعی طور پر ترامیم میں نہیں اور نہ ہی اصل بل میں ہے ، یا دوسرے الفاظ میں ان کی contradiction ہے - ترامیم تو A, B, C کی جاتی ہیں لیکن بیان اغراض و وجوہ میں کوئی چوتھی بات بھی کہی جاتی ہے جس کا ترمیم میں وجود ہی نہیں ' تو پھر آپ کیا کہیں گے ؟

خواجہ محمد صفدر : اس کے متعلق میں یہ کہوں گا کہ یہ وزارت قانون کی غلطی ہے اور میں یہاں اسی لئے ہوں کہ یہاں وزارت قانون کی ہر غلطی کو پکڑوں اور اس سے فائدہ آٹھاؤں -

جناب چیئرمین : آپ یہ تو بتا سکتے ہیں کہ جو بیان اغراض و وجوہ ساتھ دیا گیا ہے وہ غلط ہے لیکن آپ اسے موضوع بحث نہیں بنا سکتے کیونکہ وہ ترمیم میں ہے ہی نہیں - اگر غلطی سے بیان اغراض و وجوہ میں کوئی بات آ جائے ، لیکن اگر آپ اوریجنل اسٹڈنگ بل کو دیکھیں کہ ایسی کوئی بات سرے سے ہے ہی نہیں تو وہ بات آپ زیر بحث نہیں لا سکتے -

خواجہ محمد صفدر : تو میں اسے الٹا کیوں نہ put کروں کہ محترم وزیر قانون کے ذہن میں یہ بات تھی جو آنی چاہئے تھی ، لیکن وہ نہیں آئی - تو میں انہیں یاد دلاتا ہوں کہ آپ بھول گئے ہیں ، آپ اس کو بھی لائیں -

**Mr. Chairman :** I agree with you. You pointed out but it escaped my notice, my eyes did not look at it. Now you will agree with me that if certain thing is mentioned in the Statement of Objects and Reasons, which does not apply to the amending Bill itself, then you cannot make it a subject-matter of your discussion. This is a matter of drafting.

خواجہ محمد صفدر : آپ نے میری بات بھی سنی ہے -

جناب چیئرمین : یہ تو ڈرافٹنگ کی غلطی ہے -

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! میں لمبی بات نہیں کروں گا - ہم ڈرافٹنگ کی غلطی پکڑنے کے لئے تو یہاں بیٹھے ہیں - جہاں تک قانون کا تعلق ہے تو یہاں پر اکثر بلوں پر ہم اتفاق بھی کرتے ہیں -

**Mr. Chairman :** It is agreed.

ملک محمد اختر : یہ میں نے نوٹ کر لیا ہے -

**جناب چیئرمین :** کیا نوٹ کر لیا ہے ؟ میں نے کوئی خاص رولنگ نہیں دی ' میں نے صرف اتنا کہا ہے کہ اگر کوئی بات بیان اغراض و وجوہ میں کہی گئی ہو لیکن وہ اصل امنڈنگ بل میں نہ ہو تو پھر ٹھیک ہے کہ یہ غلطی ہے ' لیکن جہاں تک آپ کی بحث کا تعلق ہے وہ صرف ترامیم کی حد تک ہو سکتی ہے - وہ کہتے ہیں کہ میں پوائنٹ آؤٹ کر دوں کہ آپ نے ڈرافٹنگ میں غلطی کی ہے -

**ملک محمد اختر :** میں آن کا مشکور ہوں -

**خواجہ محمد صفدر :** ملک صاحب ! بہت بہت شکریہ - تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ اغراض و مقاصد محترم وزیر قانون نے اس بل کو اس ایوان میں لانے کے بیان فرمائے ہیں - ان میں پہلا مقصد یہ ہے کہ اس قانون میں یکسانیت پیدا کی جائے تاکہ کوئی مقدمہ ایسا نہ ہو جو کسی دوسری عدالت میں رہ جائے - تمام مقدمات اسپیشل ٹریبونل کے سامنے پیش ہوں - یہ پہلی غرض بیان کی گئی ہے - جناب چیئرمین ! میں نے اس کلاز کا اور اس سیکشن کا جس کی ترمیم پیش کی گئی ہے ، یعنی سیکشن 9 کا موازنہ ڈیفنس آف انڈیا رولز مجریہ ۱۹۳۹ء سے کیا ہے اور ڈیفنس آف پاکستان رولز مجریہ ۱۹۶۵ء سے بھی کیا ہے اور میں نے یہ دیکھا اور محسوس کیا ہے کہ اس ترمیمی بل اور اس سے پہلے ترمیمی قانون کے ذریعے جو ترامیم کی گئی ہیں ، وہ ان دونوں قوانین میں موجود نہیں جن کا میں نے ذکر کیا ہے - یہ ایسا کیوں ہے ؟ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آیا سیکشن 9 بلا ترمیم ، جو دو ترامیم اسی سال میں آئی ہیں ان کو چھوڑتے ہوئے ، ان سے صرف نظر کرتے ہوئے ' زیادہ بہتر تھا یا ان دو ترامیم کے بعد سیکشن 9 بہتر بنتا ہے ؟ جناب والا ! انگریز کے زمانے میں ۱۹۳۹ء میں ڈیفنس آف انڈیا آرڈیننس کے تحت اور پھر سیکشن 9 کے تحت مرکزی حکومت کو یہ اختیار تھا کہ وہ جس قسم کے مقدمات چاہے ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت انہیں کسی ٹریبونل کی تشکیل کے بعد ، اس کے حوالے کر دے - انہیں کسی ٹریبونل کی تشکیل کے بعد اس کے حوالے کر دیا جاتا ہے - یہ ضروری نہیں تھا کہ سبھی مقدمات ٹریبونل کے حوالے ہیں - عام عدالتیں مقدمات کی سماعت ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت درج شدہ مقدمات کی سماعت کرتی تھیں - اسی طور پر سابقہ صدر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کے زمانے میں بھارت کے ساتھ ۱۹۶۵ء میں جنگ ہوئی ہے اور اس کے زمانے میں بھی ڈیفنس آف پاکستان آرڈیننس جاری ہوا - اس میں بھی یہی سیکشن 9 ہے بین ہی اس کی نقل تھی جو کہ ۱۹۳۹ء میں جاری ہوا - جب ۱۹۷۱ء میں دوسری بار پاکستان کی زندگی میں ڈیفنس آف پاکستان آرڈیننس جاری ہوا تو وہی سیکشن 9' ۱۹۳۹ء والا آرڈیننس اس میں بھی شامل کیا گیا - اب بہانہ یہ ہے ، عذر یہ ہے - وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ ہم اس طرح کسی میں تفریق

[Khawaja Mohammad Safdar]

نہیں پیدا کرنا چاہتے - ایک جیسا سلوک سب ہی سے کرنا چاہتے ہیں - اس لئے ہم یہ پسند نہیں کرتے کہ کچھ مقدمات عام عدالتوں کے سامنے پیش ہوں اور کچھ مقدمات سپیشل ٹریبونل کے سامنے پیش ہوں - اس لئے یہ ترمیم لائی جاتی ہے - تو یہ یکسانیت تو اس طرح کی ہوئی جیسے کہ ایک بادشاہ سلامت پچاس آدمیوں سے ناراض ہوگئے - انہوں نے اپنی ناراضگی کی وجہ سے پندرہ کو تو سزائے موت سنا دی اور پینتیس کو دس سال کی قید - اب اسی طرح جیسے کہ ملک محمد اختر صاحب وزیر قانون ہیں ، ان کا بھی کوئی وزیر تھا انہوں نے کہا کہ صاحب آپ سے بھول ہو رہی ہے ، یکسانیت پیدا کیجئے - انہوں نے کہا کہ بہت اچھا یکسانیت پیدا کرتے ہیں - پچاس کے پچاس کو سزائے موت کا حکم سنا دیا - ایک تو یکسانیت پیدا کرنے کا یہ طریقہ ہے کہ پچاس کے پچاس کو سزائے موت دے دی جائے اور یکسانیت پیدا کرنے کا ایک یہ بھی طریقہ تھا کہ ان پندرہ کی بھی پھانسی معاف کرکے سزائے قید دے دی جاتی - دونوں طرح یکسانیت پیدا ہو سکتی تھی - اسی طرح اگر یکسانیت ہی غرض تھی تو اس طرح بھی یکسانیت پیدا کی جا سکتی تھی کہ آئندہ سپیشل ٹریبونل کے سامنے کوئی مقدمہ پیش نہیں کیا جائے گا اور تمام مقدمات جو ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت ہوں گے ، وہ عام عدالتوں میں ہوں گے - یہ بھی یکسانیت پیدا کرنے کی ایک شکل تھی لیکن انہوں نے اس روائتی بادشاہ کا طرز عمل اختیار کیا کہ سب کو سزائے موت دے دی جائے - عام عدالتوں پر اعتماد نہیں - جناب والا ! اب وہ حالات نہیں ہیں جو کہ ۱۹۷۱ء میں تھے اور ۱۹۷۱ء میں یہاں کے لوگوں کو یہ رعایت حاصل تھی کہ وہ مقدمات جن کے متعلق گورنمنٹ سیریز ہو اور ان کے متعلق یہ سوچے کہ ان مقدمات کے سلسلے میں خصوصی عدالتوں کی ضرورت ہے کہ وہ ان مقدمات کا فیصلہ کریں ان کی سنگینی کے پیش نظر - تو ایسے مقدمات ان عدالتوں میں بھیج دیئے جاتے تھے - لیکن ۱۹۷۱ء اور ۱۹۷۵ء میں بڑا فرق ہے اس وقت ہم بھارت سے برسر پیکار تھے ، جنگ ہو رہی تھی حالات انتہائی خراب تھے اور آج صورت حال یہ ہے کہ غالباً ۱۸ رکنی وفد کل یا آج ملک میں بھارت سے وارد ہونے والا ہے میں نے اگلے روز سوال کیا تھا - کم و بیش بیس معاہدے ہم بھارت سے کر چکے ہیں جو کہ خاص قسم کے ہیں - جن میں مواصلات کا ، ریلوے کے سفر کا ، ہوائی سفر کا ، سڑک کے ذریعے سفر کا اور آنے جانے کے جتنے ذرائع ہیں ان کو استعمال کرنے کے لئے ہم بھارت سے معاہدے کر رہے ہیں وہ تعلقات میں خرابی اور تعلقات میں جو شدت تھی وہ جاتی رہی ہے - چھ سال گزر گئے ہیں اور اتنے سال گزرنے کے بعد چاہئے تو یہ

تھا کہ قوانین کی سختی کو بھی اس کے ساتھ ہی ساتھ نرم کر دیا جاتا - ۱۹۷۶ء ہمارے لئے اتنا بد قسمت سال چڑھا ہے کہ یہ سال ٹریبونل بنانے اور سپیشل کورٹ بنانے پر ہی صرف ہو رہا ہے جس طرف دیکھئے ٹریبونل ہے یا سپیشل کورٹ ہے - ... الغرض تو اب میرے خیال میں گلی ڈنڈا کھیلا کریں گی تو میں یہ عرض کروں گا کہ جب حالات نارمل ہو رہے ہیں خود ہمارے وزیر اعظم صاحب اور نائب وزیر خارجہ صاحب کا یہ بار بار ارشاد ہے کہ ہم حالات نارمل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں -

**Malik Mohammad Akhtar**: I am sorry, this is not meant for any aggression with India.

**خواجہ محمد صفدر**: میں تو یہ کہہ رہا ہوں کہ جب حالات نارمل ہو رہے ہیں - جب ۱۹۷۰ء جیسے حالات نہیں ہیں تو پھر اس قانون میں نرمی آنی چاہئے - میں نرمی کی اپیل کر رہا ہوں کیونکہ خود ارباب اقتدار کہتے ہیں کہ حالات نارمل ہو رہے ہیں میں کوئی غلط بات نہیں کہہ رہا ہوں اخبار میں لکھا ہے کہ وفد آ رہا ہے - میں نے کوئی ایسی بات نہیں کی اور وہ اس لیے آ رہا ہے کہ نئے معاہدے ہوں گے یعنی حالات نارمل ہو رہے ہیں بھارت کے ساتھ - تو جب بھارت کے ساتھ حالات نارمل ہو رہے ہیں اور دوسرے ہمسائے کے ساتھ بھی حالات نارمل ہو رہے ہیں - مجھے خوشی ہے کہ سردار داؤد نے وزیر اعظم پاکستان کو دعوت دی ہے اور وزیر اعظم پاکستان نے اسے قبول فرما لیا ہے مجھے خوشی ہے کہ اس ہمسائے سے بھی ہمارے حالات نارمل ہیں اور اس ہمسائے سے بھی اب حالات میں اس قدر سنگینی نہیں رہی -

**جناب چیئرمین**: ابھی تو ہوئے نہیں ہیں - وہ تو انتظار کر رہے ہیں -

**خواجہ محمد صفدر**: ان حالات کے مطابق اگر نرمی آ جائے تو اگر خدا نخواستہ خراب ہو جائیں تو پھر ان کو سخت کیا جا سکتا ہے - اس میں کون سی دیر لگتی ہے - آرڈیننس ہی تو جاری کرنا ہے -

**جناب چیئرمین**: فی الحال تو شاید ان کو ضرورت ہوگی -

**خواجہ محمد صفدر**: میں یہ عرض کر رہا تھا - اس وقت بھارت یا روس سے جس قسم کے حالات ہیں - میں یہ نہیں کہتا کہ یہاں ہنگامی حالات کیوں ہیں - یہ ان کی مرضی ہے - جتنی دیر چاہیں رکھیں - لیکن اس میں آسائشیں اور سہولتیں ہونی چاہئیں - اگر حالات معمول پر آئے ہیں - یہ تھا جناب والا ! ان کا مقصد نمبر ایک کے متعلق ، اب مقصد نمبر دو کی طرف آتا ہوں - مقصد نمبر دو جو کہ اس بل میں دیا

[Khawaja Mohammad Safdar]

گیا ہے وہ یہ ہے کہ ان گواہان کو جو کہ ٹریبونل میں مقدمہ آنے سے قبل کسی دوسری عدالت میں پیش ہو کر اپنے بیانات قلمبند کروا۔ ہیں ان کو دوبارہ بیانات قلمبند کروانے کی ضرورت نہیں ہے جناب والا ! آپ کی تمام عمر یا تو پریکٹس کرتے گزری ہے یا مقدمات کی سماعت کرتے گزری ہے آپ مجھ سے کہیں بہتر جانتے ہیں کہ ایک لفظ جسے ہم قانونی زبان میں demeanour of the witness کہتے ہیں - وہ گواہ کی سچائی یا اس کے جھوٹ کا فیصلہ کرنے میں عدالت کی بڑی مدد کرتا ہے اگر ایک ایسا گواہ ہو جو کہ اپنی شہادت دیتے وقت ہچکچا رہا ہو اس کے چہرے بشرے سے اس کی حرکات و سکنات سے ایسا ظاہر ہو رہا ہو کہ جیسے یہ کسی جبر کے تحت یا دانستہ غلط بیانی کی غرض سے شہادت دے رہا ہے - تو عدالت اس کا نوٹس لیتی ہے اور اس کی شہادت پر انحصار کرتے وقت یا عدم انحصار کرتے وقت اپنی judgment کی طرف سے اس کا ذکر فرماتی ہے - اسے demeanour کہتے ہیں - اب اگر ایک گواہ عدالت کے سامنے پیش ہی نہیں ہوا تو اس کے demeanour کے متعلق عدالت کو کیا معلوم ہوگا کہ اس نے کس صورت ، شکل میں شہادت دی تھی - اس کا ، شہادت دیتے وقت رویہ کیا تھا - عدالت میں وہ کیسے آیا - اس کی حرکات و سکنات کیا تھیں - اس لئے یہ بڑا ضروری ہے ، عدالت کو امداد دینے کے لئے کہ تمام شہادت اس کے سامنے قلمبند ہونی چاہئے تاکہ وہ درست فیصلہ کر سکے - اگر کسی مقدمے کی سماعت کسی دوسری عدالت میں ہو چکی ہے تو کہیں بہتر ہوتا ، کیونکہ اگر میں یہ کہوں گا کہ یہ ترمیم لانی ہی نہیں چاہئے تھی تو محترم وزیر قانون صاحب مانیں گے نہیں - کہیں بہتر ہوتا کہ جو مقدمات کسی دوسری عدالت میں زیر سماعت ہیں وہ ان کے پاس ہی رہتے - کہیں بہتر ہوتا - لیکن انہوں نے اپنی عقل اور فکر کے مطابق اس کو بہتر جانا ہے - یہ بل نہ تو وزیر صاحب کی عزت میں اضافے کا باعث بن سکتا ہے اور نہ ہی حکومت کی شہرت اور عزت میں اضافے کا باعث بن سکتا ہے - یہ بل انتہائی متشددانہ بل بحث کہلائے گا جناب والا ! اس کے متعلق اشارتاً عرض کروں گا جیسا کہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے - اس کو بحث کا موضوع نہیں بناؤں گا - جناب والا ! تیسری وجہ یا مقصد جس کا ذکر متن میں نہیں ہے -

جناب چیئرمین : بیل پر ریلیز کرنے کا ذکر اس میں نہیں ہے -

خواجہ محمد صفدر: جناب والا ! اس سلسلے میں اتنا عرض کروں گا اور شاید آپ کے علم میں ہو کیوں کہ آپ کا علم میرے علم سے زیادہ وسیع ہے میرا علم

آپ کے علم کے مقابلے میں محدود ہے میرے بہت سے دوست پریکٹسنگ لایر ہیں ان کا علم بھی مجھ سے زیادہ ہے -

**Mr. Chairman :** Thanks God there is a large number of Practising Lawyrs.

**خواجہ محمد صفدر :** ہماری خوش قسمتی ہے کہ خاصے دوست وکیل ہیں کوئی قانون مجھے ایسا بتا دیا جائے جو کہ تعزیری ہو اور تعزیر کے بعد اس میں اپیل کی گنجائش نہ ہو - کوئی قانون - یہ میرا چیلنج ہے -

**ملک محمد اختر :** اس میں بھی ہے دفعہ ۱۳ میں -

**خواجہ محمد صفدر :** دفعہ ۱۳ میں جہاں سزائے موت - عمر قید یا دس سال سزا کی صورت میں صرف اپیل ہو سکتی ہے - اگر کسی کی سزاء 9 سال 11 مہینے اور ۲۹ دن ہو تو اس کی اپیل کوئی نہیں ہے -

**جناب چیئرمین :** ۲۳ گھنٹے -

**خواجہ محمد صفدر :** ٹھیک ہے جی ۲۳ گھنٹے تو اس کی سزاء کی اپیل کوئی نہیں ہے مجھے وزیر صاحب کوئی ایسا قانون بتا دیں اور مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اورویجنل بل میں یہ کلاز رکھی گئی تھی لیکن بعد میں جب یہ قومی اسمبلی کے سامنے بحث کے لئے آیا تو اس وقت اپنی مخصوص وجوہات کی بناء پر یہ کلاز حذف کر دی گئی - اور میرا خیال ہے کہ یہ عدل و انصاف کے بنیادی تقاضوں کے خلاف ہے - ان الفاظ کے ساتھ جناب والا ! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں -

**Mr. Chairman :** Thank you. Yes, Mr. Tahir Mohammad Khan.

**جناب طاہر محمد خان :** جناب چیئرمین ! میں کوئی زیادہ لمبی تقریر نہیں کرنا چاہتا تھا کیوں کہ وزیر قانون صاحب نے بہت سادہ اور آسان الفاظ میں objects and reasons اس دو کلازز کے بل میں کے بتا دیئے گئے تھے لیکن میرے معزز دوست سینٹر خواجہ محمد صفدر نے بہت اصرار سے اس بات کو دہرایا کہ چونکہ ہمارے حالات ہندوستان سے کچھ نارملائز ہو رہے ہیں اور افغانستان سے بھی کچھ دوستی کی بنیادیں بن رہی ہیں تو اس لئے ڈیفینس آف پاکستان رولز بھی ذرا نرم کر دیئے جائیں - اولاً تو جناب والا ! یہ جو امنڈنگ ہے اس میں ڈیفنس آف پاکستان رولز کو نرم کرنے یا سخت کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی ہے بلکہ بات تو جناب صرف اتنی ہے کہ پہلے اسپیشل ٹریبیونل نہیں ہوا کرتے تھے - تمام ملک میں serious offences جو کہ ملک کے خلاف ہوں جو ملک کی سالمیت

[Mr. Tahir Mohammad Khan]

کے خلاف ہوں - جو ملک کے مفاد کے خلاف ہوں - جو ملک کی بنیادوں کے خلاف ہوں - جو ملک کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہوں - جو ملک کے نظریات کو مجروح کرنے کے مترادف ہوں - ان کے لئے ایک ادارہ ہے سپیشل ٹریبیونل کا - اور بعض ایسے جرائم ڈیفنس آف رولز میں بھی ہیں - کہ جو کم و بیش اس قسم کے ہیں - تو اس لئے ڈیفنس آف پاکستان رولز کے جرائم کو بھی بجائے کسی فرسٹ کلاس میجسٹریٹ بجائے کسی کم پڑھے لکھے ہوئے آدمی کے ایک اونچی عدالت میں سپیشل ٹریبیونل میں جہاں پر ہائی کورٹ کے Judges ہوں گے وہاں منتقل کرنے کی ایک کوشش کی گئی ہے اور اس بل نے ان Cases کو وہاں منتقل کر دیا ہے تو جناب والا ! بات تو صرف اتنی تھی - فورم change کو کر لیا - ٹریبیونل فورم ہوگا - اب فرسٹ کلاس میجسٹریٹ فورم نہیں ہوگا ٹرائیل کا اور اس میں نہ تو مجھے سختی کی بات نظر آئی نہ نرمی کی بات نظر آئی - اور نہ مجھے ہندوستان اور پاکستان کے جو مراسم ہیں - روابط ہیں - ہمارے اور ہندوستان کے - ان کے اثرات اس بل میں نظر آئے - اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ باقی جو باتیں کہی گئیں وہ زیادہ تر اس بل کے سکوپ سے باہر تھیں - بات تو جناب اتنی ہے کہ پہلے جو مقدمات میجسٹریٹ کی عدالتوں میں ٹرائی ہوتے تھے - اب ٹریبیونل میں ٹرائی ہوں گے اس کو ایک ری ٹراسپیکٹیو افیکٹ دیا گیا ہے کہ جن گواہوں کے بیانات پہلے میجسٹریٹ کی عدالت میں قلمبند ہوئے ہیں - اگر ٹریبیونل یہ سمجھے گا ان کے بیانات دوبارہ قلمبند کرے، غیر ضروری ہیں - یا مقدمے کے مفاد میں ہیں ملزم کے مفاد میں ہیں - یا وقت کا ضیاع ہے ان کا بیان قلمبند نہ کیا جائے - یہ ایک Innocent اور بہت simple سی ترمیم ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ اس میں ایسی کوئی controvercy تھی کہ جس میں اس طرح کوئی لمبی ڈیبیٹس ہوں - شکریہ -

**Mr. Chairman :** Thank you. Yes, Maulana Sahib.

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جناب والا ! ڈیفنس آف پاکستان آرڈیننس کی سیکشن دو اور تین کی ترمیم یہاں زیر بحث ہے میں اس بات کو اس وقت زیر بحث نہیں لاؤں گا - کہ یہ ہمارے ملک کا سیاہ ترین باب ہے اور سیاہ ترین قانون ہے کہ جس کو ڈیفینس آف پاکستان رولز کہتے ہیں - عدالت وہ عدالت کہ جس کا کام ہی یہ ہے کہ ہر وہ طریقہ جو انصاف کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے - اس کو بر قرار رکھے اور ایک شخص خواہ وہ کتنا ہی ظالم و جابر ہو دشمن اور بد ترین قسم کی سزا کا بھی اگر مستحق ہو تو اس کو وہ تمام سہولتیں فراہم

کی جائیں جس سے کہ اس کو صفائی کا موقع مل سکے اور عدالت اپنے اختیارات کا استعمال پوری دیانتداری کے ساتھ میں کر سکے - یہاں جناب والا ! میں آپ کی توجہ اس جانب مبذول کراؤں گا کہ فرض کیجیئے کہ تمام کے تمام مقدمات جو ہیں منتقل ہو گئے ٹریبیونل کی طرف - کچھ مقدمات ڈی - سی کے یہاں زیر سماعت تھے - کچھ اے - سی کے یہاں زیر سماعت تھے - اب وہ خود بخود اس ترمیم کے ذریعے اسپیشل ٹریبیونل کو منتقل ہو گئے - وہاں جب وہ ٹریبیونل کو مقدمہ منتقل ہوا تو ظاہر ہے کہ ٹریبیونل کے سلسلے میں وکلاء بھی بدل جاتے ہیں ایک شخص ملزم ہے اس ملزم نے جو ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت گرفتار کیا گیا ہے اس نے میجسٹریٹ کے سامنے دوسرا وکیل پیش کیا ہو گا اور وہاں گواہ بھی پیش ہوتے رہے - استغاثے کے بھی اور صفائی کے بھی جو بھی ہیں - اب ٹریبیونل جو مقرر ہوا کیس کا تو آدھے گواہ ادھر ہو چکے تھے - اس کا کیس ٹریبیونل میں ٹرانسفر ہو گیا تو ظاہر ہے کہ اس نے یہ سوچا ہو گا کہ کیس اب ٹریبیونل میں چلا گیا ہے - اب ٹریبیونل کا نام بڑا ہے - کیونکہ اتنا بڑا نام تو نہیں ہے جتنا کہ میرے دوست سینٹر طاہر محمد خان نے ارشاد فرمایا کہ اس میں عدالت عالیہ کے جج ہوں گے عدالت عالیہ کے ججز کے نام تو کہیں بھی نظر نہیں آئے وہ جج کہ جو جج ہوں یا ریٹائرڈ جج ہوں - پہلے عام طور پر یہ ہوتا تھا مثلاً آپ کے سامنے ۱۹۷۳ء میں ہم نے قومی اسمبلی میں ایک بل پاس کیا اس بل کا نام تھا Act of Subversion and Terrorism تو اس کی سیکشن تیرہ میں - وہ اس وقت مجھے یاد نہیں ہے اس میں یہ تھا کہ ہائی کورٹ کے جج صاحبان پر مشتمل ایک عدالت ہو گی اور اس میں ہائی کورٹ کے جج صاحبان ریٹائرڈ ہوں گے یا Existing Judge ہوں گے وہ عدالت فیصلے کرے گی اور اس کی اپیل پھر سپریم کورٹ میں ہوتی رہے گی لیکن یہاں تو یہ صورت ہی نہیں ہے - ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت جو عدالت وجود میں آتی ہے اس میں ایک وہ شخص کہ جس میں اس بات کی اہلیت ہو کہ وہ ہائی کورٹ کا جج بن سکتا ہو یعنی Practising Lawyer ہو اور دو ممبران وہ ہوں گے جن میں ایک صاحب A.C بھی ہوں - ایڈیشنل ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ - وہ بھی اس کے ممبر ہو سکتے ہیں یا کوئی اور صاحب وکیل پریکٹسنگ لایر یہ تین افراد پر مشتمل ہو گی - وہاں تو جج صاحبان کا دور دور تصور بھی نہیں ہے - جناب والا ! جج جو ہوتے ہیں ان کا اپنا ایک ماحول ہوتا ہے ان کا اپنا ایک طریقہ ہوتا ہے ان کا اپنا ایک ضابطہ ہوتا ہے اور وہ اس ضابطہ کی پابندی کرتے ہیں لیکن یہاں تو سرے سے خصوصی عدالت کا تصور جو اب دیا جا رہا ہے وہ اس دور سے بدتر ہے جسے انگریز کا بد ترین دور کہا جاتا ہے اس میں دور دور

[Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi]

ہائی کورٹ کے جج صاحبان کا اتہ پتہ نہیں ملتا ہے یہ تو کھلم کھلا عدالت عالیہ پر عدم اعتماد کی ایک شکل ہے اسپیشل ٹریبیونل کا تقرر تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ غالباً ہمارے محترم اور فاضل دوست شاید جلدی میں ارشاد فرما گئے - اس میں ہائی کورٹ کے ججوں وغیرہ کا کوئی تصور دور دور نہیں ہے بہرحال میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ٹریبیونل میں صورت یہ ہو گی کہ مقدمہ منتقل ہوا اور گواہان جو ہیں ان کو دوبارہ کال نہیں کیا جا سکتا ہے اور ملزم کا دوبارہ جب وہ کیس ٹریبیونل میں چلا جائے گا تو مجسٹریٹ کے ہاں سے automatically transfer ہو گیا تو وہاں اس نے نیا وکیل مقرر کیا کیونکہ بہر حال ٹریبیونل ہے اور ٹریبیونل کا نام بڑا ہے اور اس میں بڑی فورس ہے اور ٹریبیونل تو لوگوں کے لیے ہوا ہو گیا ہے اور لوگ اس کے متعلق یہ باتیں کہتے ہیں اور ٹریبیونل کا کام سن کر لوگ یہ تصور کرتے ہیں کہ دیکھئے اب عدالت عالیہ کے جو جج صاحبان ہیں ٹریبیونل کے نام سے ان کا تصور جو ذہن میں ہے اور جب ذہن اس طرف منتقل ہوتا ہے تو وہ افراد جو ہیں جن کے ہاتھ میں انصاف کا قلم دیا جا رہا ہے وہ افراد قلم کی بجائے تلوار استعمال کر رہے ہیں یا چھرے استعمال کر رہے ہیں -

**Mr. Chairman :** That is not relevant.

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** نہیں میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر یہ تصور لوگوں کے ذہن میں نہ پیدا ہو -

**جناب چیئرمین :** نہیں میری عرض سنئیے اس کا اس بل کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے کہ لوگوں کے دماغ میں یہ تصور ہے یا یہ تخیل ہے اور کیا نہیں ہے کہ قلم کی بجائے تلوار استعمال کر رہے ہیں یہ کہاں ہے یہ کوئی پولٹیکل جلسہ تو نہیں ہے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں ٹریبیونل کی بات کر رہا تھا -

**جناب چیئرمین :** لوگوں کا تصور یہ ہے کہ ان کے ہاتھ میں قلم کی بجائے تلوار ہے اب یہ تو آپ کے دماغ کی اختراع ہے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** نہیں اختراع نہیں ہے بلکہ لوگوں کی رائے ہے -

**جناب چیئرمین :** لوگوں کی اب کیا رائے ہے وہ آپ کے پاس بھی ہو گی اور ان کے پاس بھی ہو گی -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** چلیے وہ کچھ کہیں اور میں کچھ کہوں مجھے بھی حق ہے -

**جناب چیئرمین :** میری بات سنیے مولانا صاحب لوگوں کی رائے یہاں relevant نہیں ہے کیونکہ اب گورنمنٹ کی بابت لوگوں کی کیا رائے ہے آپ اس پر تقریر کریں اور اپوزیشن کی بابت لوگوں کی کیا رائے ہے اس پر وہ بحث کریں تو بل سے ہم سیاست کے میدان میں چلے جائیں گے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** سیاست میں نہیں آ رہا میں تو سیدھی سادی بات کر رہا ہوں -

**جناب چیئرمین :** مولانا صاحب کچھ سمجھیے اور کچھ ہمیں سمجھائیے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** ٹریبیونل کا جب تقرر ہوا تو ظاہر ہے وکیل بدلنا ہو گا -

**جناب چیئر مین :** یہ ارریلیونٹ ہے کہ ٹریبیونل کا تصور لوگوں کے ذہن میں یہ ہے کہ بجائے قلم کے وہ تلوار چلائیں گے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** چلیے میں اس پر آ جاتا ہوں -

**جناب چیئرمین :** میں نے جو اعتراض کیا ہے اور آپ نے یہ فرمایا ہے آپ کا یہ ارشاد ہے کہ ٹریبیونل کے بارے میں تصور یہ ہے کہ وہ قلم کی بجائے تلوار چلائیں گے یہ ارریلیونٹ ہے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** وہ میں نے اس لیے عرض کیا ہے کہ اس میں جج صاحبان نہیں ہوں گے اس لیے یہ تصور آیا چلیے - چھوڑ دیا اب میں آ رہاں ہوں -

**ملک محمد اختر :** گیارہ بار ایک بات کو کہا ہے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** اب میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ وہ گواہاں جو ہیں وہ دوبارہ نہیں بلائے جائیں گے -

**جناب چیئرمین :** دراصل میں وہ sentiments کی رو میں بہہ جاتے ہیں -

**ملک محمد اختر :** گیارہ بار ایک بات کو کرتے ہیں -

**جناب چیئرمین :** نہیں وہ ٹھیک ہے یہ ہو سکتا ہے جب وہ آنکھیں بند کر لیتے ہیں تو شاید وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ پبلک پلیٹ فارم پر تقریر کر رہے ہیں -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** نہیں پبلک پلیٹ فارم پر تو میں اس قسم کی تقریر نہیں کرتا ۔ ۔ ۔

**جناب چیئرمین :** نہیں نہیں میرا مطلب یہ ہے میرا اعتراض یہ ہے ۔ ۔ ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** نہیں پبلک پلیٹ فارم پر جو تقریر کرتا ہوں وہ یہاں کوئی سن بھی نہیں سکتا ۔

**جناب چیئرمین :** مولانا صاحب آپ کی تقریر سنتا رہا اور بڑے غور سے سنتا رہا آپ ٹھیک فرما رہے تھے لیکن وہ لوگوں کا تصور ٹریبیونل کے بارے میں یہ ہے کہ بجائے قلم کے تلوار چلا رہے ہیں اس کا اس بل کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** بالکل صحیح ہے چلیے اب میں یہ عرض کرتا ہوں کہ نئے وکیل کا تقرر کیا گیا کیونکہ جب ٹریبیونل کا تصور ذہن میں آئے تو بھائی یہ ڈی ۔ سی سے اوپر پہنچ گیا چنانچہ نیا وکیل جب آیا تو اس نے کہا کہ جتنے گواہ گزر چکے ہیں میں ان کو دوبارہ بلوانا چاہتا ہوں کہا کہ میں ان کو ری ایگزامن کرنا چاہتا ہوں کہا نہیں اب آپ خیال فرمائیے میں نے ابتداً آپ کی خدمت میں یہ عرض کیا تھا کہ انصاف کے تقاضے ہر دور میں اس طرح پورے ہوتے ہیں کہ کتنے سے کتنا ظالم اور کتنے سے کتنا بد ترین دشمن کیوں نہ ہو اس کو بھی وہ تمام مواقع فراہم کر دیے جائیں جس میں وہ اپنی صفائی پیش کر سکے یہ انصاف کا تصور ہے اور یہاں گواہاں کو دوبارہ بلوا نہیں سکتے وکیل بدل گیا کچھ کیس ایسے ہیں جن میں گواہ گزر گئے ہیں اور جو گواہ لیتے تھے وہ لے لیے اور باقی کے متعلق کہا کہ اب نیا وکیل ہے نیا ٹریبیونل ہے نئے گواہ آئیں گے تو ظاہر ہے کہ جرح ہو گی بحث ہوگی اس لیے سابقہ میں جو گواہ گزر چکے ہیں وہ دوبارہ نہیں بلوائے جائیں گے کیونکہ نئے گواہوں کی جو فہرست ہو گی اس کو ڈراپ کر دیا اور کہا صاحب ہم نے اپنی طرف سے کیس ختم کر دیا ہے اب آپ صرف فیصلہ دیجیے اور جو گواہ گزر چکے ہیں وہی ٹھیک ہیں اب کسی نئے گواہ کو بلوانا چاہتے ہیں یا جو گواہ باقی رہ گئے ہیں استغاثہ کے ان کو بھی بلوانا چاہیئے یا جو گواہ گزر چکے ہیں ان کو بھی بلوانا چاہیئے تو وہ نہیں آسکتے ہیں میرا مطلب عرض کرنے کا یہ ہے کہ اس ترمیم سے انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوتے بلکہ انصاف کا خون ہوتا ہے ہم بجائے اس کے کہ ہم مزید سہولتیں جو کسی مظلوم کو انصاف کی فراہمی کے سلسلے میں فراہم کریں اور بد سے بد ترین دشمن کو بھی انصاف کے تقاضے کے سلسلے میں سہولتیں فراہم کرنے کی جو ذمہ داری ہم پر ہے بحیثیت عدلیہ کے وہ ہم پوری نہیں کر سکتے اور یہ ترمیم جو ہے انتہائی

ظالمانہ اور انتہائی جابرانہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس سے انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوں گے -

*(At this stage Haji Niamatullah Khan rose in his seat).*

**جناب چیئرمین :** میں آپ کو موقع دیتا ہوں لیکن آپ سے پہلے مسعود احمد صاحب کھڑے ہوئے ہیں -

**Haji Niamatullah Khan :** Sir, I will take a couple of minutes.

**جناب چیئرمین :** نہیں آپ بولیں گے لیکن آپ سے پہلے مسعود احمد صاحب -

**جناب مسعود احمد خان :** جناب چیئرمین ! گزارش یہ ہے کہ آج ہم ڈیفنس آف پاکستان رولز ۱۹۷۱ء میں سکینڈ امنڈمنٹ زیر غور لا رہے ہیں جناب والا ! ۱۹۷۱ء کا ڈیفنس آف پاکستان آرڈیننس جو ہے اس کے پری ایمبل میں اس بات کا ذکر ہے کہ یہ آرڈیننس ملک کی سلامتی، امن عامہ اور تحفظ کے علاوہ جس کا ذکر خواجہ صاحب نے کیا لایا جا رہا ہے تو جناب اب ہندوستان سے جنگ ختم ہو گئی حالات بھی بہتر ہو گئے ہیں وفد بھی آ رہا ہے لیکن ہمیں تو ملک اندر جو حالات ہیں اس بناء پر بھی ہمیں ڈیفنس آف پاکستان رولز کو نافذ رکھنا ہے کیونکہ ہمیں ان دشمنوں سے اتنا خطرہ نہیں جتنا ہمیں اپنے ملک کے عوامل سے خطرہ ہے جو اس ملک کی سلامتی اس کے تحفظ اور امن عامہ میں خطرہ ڈال رہے ہیں - باقی جناب والا ! یکسانیت کا ذکر جناب لاء منسٹر صاحب نے فرمایا کہ اس سے قبل ڈیفنس آف پاکستان آرڈیننس کی دفعہ ۹ میں یہ بات درج تھی اور ڈیفنس آف پاکستان رولز کی دفعہ تین کے offences اور ایسے جرائم جن کی سزا موت ہو یا ایسے جرائم جن کی سزا عمر قید ہو یا ایسے جرائم جن کی سزا سات سال سے زیادہ ہو مرکزی حکومت کے تحت باقی عدالتوں میں جو مقدمات چل رہے ہیں اس کے حکم کے تحت اسپیشل ٹریبیونل میں وہ Cases transfer ہو جائیں گے اب یہاں میرے دوستوں نے اس وقت تو یہ بات یقینی طور پر نہیں کی اور آج اس یکسانیت کی بات کر رہے ہیں کہ اختیار مرکزی حکومت کو تھا کہ وہ جو کیس چاہے اسپیشل ٹریبونل کے سامنے لا سکتی تھی تو پھر وہاں pick and choose کی چوائس کا سوال بنتا تھا اور اس میں ایک ترمیم سنیٹ امڈمنٹ آرڈیننس ۱۹۷۶ء کے تحت لائی گئی اور اس کے الفاظ لاء منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ بالکل ایسے ہی ہیں کہ باقی مقدمات جو عدالتوں میں چل رہے ہیں وہ اسپیشل ٹریبیونل کے پاس آ جائیں گے اس میں ایک وضاحت طلب بات تھی جو اس میں ختم کر دی گئی ہے اب تمام کیس جہاں کیس بھی ہوں گے یا اس میں شہادت قلمبند ہو چکی ہے یا نہیں ہوئی تو وہ اسپیشل

[Mr. Masud Ahmad Khan]

ٹریبیونل کے سامنے آئیں گے - باقی جناب والا ! خواجہ صاحب نے witness کی demeanous پر بڑا زور دیا ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ جن جرائم میں مجسٹریٹ سزا دیتا ہے - وہ عدالت عالیہ سپریم کورٹ تک مقدمات جاتے ہیں تو میں نہیں سمجھتا کہ سیشن کورٹ ہو، ہائی کورٹ ہو یا سپریم کورٹ کے سامنے جا کر ہم یہ کہتے ہیں کہ جب شہادت گواہ قلمبند کرا رہا تھا تو اس کی ٹانگیں کانپ رہی تھیں لہٰذا اس کی شہادت جو ہے وہ باور نہ فرمائی جائے اس پر ہم پوائنٹ آف لاء ڈسکس کرتے ہیں اور جو قانونی سقم مثل میں رہ جاتے ہیں یا مثل میں اتنا مواد نہیں کہ گواہ کے سر سے نہیں نکالا جا سکتا جو اس ملزم کی سزا کے لیے کافی ہوتا ہے تو ایسی بحث کرتے ہیں اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے - اگر نچلی عدالتوں نے ان گواہان کے بیانات قلمبند کر لیے ہیں تو ٹریبیونل کے سامنے demeanour کا سوال نہیں آئے - ٹریبیونل کے سامنے یہ آئے گا کہ ان گواہان نے کیا کہا تھا - بقیہ دو قسم کے کیسز ہیں - کیسز ٹریبیونل میں پینڈنگ ہیں - اس میں گواہان کی شہادت سے یہ بات ظاہر ہو گی کہ فلاں شخص ملوث ہے اور اس کو بطور ملزم طلب کیا جائے گا - دوسرے وہ کیسز ہیں جو پہلے نچلی عدالتوں میں یا دیگر عدالتوں میں پینڈنگ ہیں وہ ٹرانسفر ہوں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ خدشہ یا یہ بات جو خواجہ صاحب نے یہاں فرمائی ہے کہ demeanour بہت ضروری ہے - اگر یکسانیت پیدا کی جاتی ہے یا نہیں کی جاتی ہے جب کہ اوریجنل آرڈیننس نہیں ہے تو تب بھی مرکزی حکومت کہی جاتی ہے - کہ چند کیسز بھیج رہی ہے باقی کیسز نہیں بھیج رہی - میں سمجھتا ہوں کہ یہ بل یا قانون equal to law کو سامنے رکھ کر ہر اس شخص کے لئے بنایا گیا ہے جو انصاف چاہتا ہے تو میں اس ترمیمی بل کی پر زور حمایت کرتا ہوں -

**Mr. Chairman :** Thank you. Now, Haji Sahib.

**Haji Niamatullah Khan :** Sir, this is a very simple Bill. Bill relates only to transfer of cases from courts where they are pending immediately before the constitution of the Special Tribunal to the court of the Special Tribunal. What I gather from may colleague Khawaja Mohd. Safdar and Maulana Noorani they are stressing so much that they are making on clephant out of a mouse.

**Mr. Chairman :** You mean mountain out of a mole.

**Haji Niamatullah Khan :** Sir, the Special Tribunal will be working and functioning uuder the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan. They are making a distinction between the courts and Tribunal. Both are assisted by Judges and we respcct all judges. What I gather from their specnes...(interrupted by Mr. Chairman).

**Mr. Chairman :** Courts do not include Judges. Tribunals can have but not courts.

**Haji Niamatullah Khan :** May be some judges.

**Mr. Chairman :** Courts are not presided over by Judges.

**Haji Niamatullah Khan :** Anyhow, they are functioning under the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan and we should not make distinction between the two ; the courts and the Tribunal. We have belief in all the judges and all the courts and in whatever they do. What I mean to say is that they should not make so much stress on the transfer of cases. Regarding old cases the Special Tribunal is not bound because it is to have speedy disposal of the cases and will have uniformity in deciding the cases. Besies that, Sir, the accused has a right of appeal to the High Court. In view of all these things I do not see anything controversial and anything which is against the justice. Whatever is mentioned in the Bill is in the interest of justice and in the interest of speedy disposal of cases. With these submissions I support the Bill.

**Mr. Chairman :** Thank you very much.

**Malik Mohammad Akhtar :** I need not go into the details. There has been repetition from one side and repetition from the other side and the same arguments have been repeated respeatedly. The recall of witnesses has been banned for the purpose of speedy trial and I consider that is sufficient.

**Mr. Chairman :** Thank you. Now I will put the question.

The question before the House is :

> "That the Bill further to amend the Defence of Pakistan Ordinance, 1971 [The Defence of Pakistan (Second Amendment) Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

Maulana Sahib is over eager. Before I put the question he said, 'no'.

*(The motion mas adopted)*

**Mr. Chairman :** Now, we take up clause by clause consideration of the Bill. There is only one clause. Amendment is with regard to Clause 2 in the names of Khawaja Mohammad Safdar and Maulana Shah Ahmad Noorani.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

> "That in Clause 2 of the Bill, the proposed sub-section (3) of Section 9 of Ordinance XXX of 1971 be substituted by the following, namely :

[Khawaja Mohammad Safdar]

> '(3). In respect of the cases transferred to the Special Tribunal under sub-section (2), the Special Tribunal shall if requested by the accused, recall and rehear all such witnesses whose evidence had been recorded by the Special Tribunal or Court from which the case had been transferred.' "

**Mr. Chairman :** The amendment moved is :

> "That is Clause 2 of the Bill, the proposed sub-section (3) of Section 9 of Ordinance XXX of 1971 be substituted by the following, namely :—
>
> '(3). In respect of the cases transferred by the Special Tribunal under sub-section (2), the Special Tribunal shall if requested by the accused, recall and rehear all such witnesses whose evidence had been recorded by the Special Tribunal or Court from which the case had been transferred.' "

**Malik Mohammad Akhtar :** It is opposed, Sir, and it has already been debated.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Don't worry, I won't take much time.

**Mr. Chairman :** I hope the arguments already advanced will not be repeated.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Certainly not, Sir.

جناب والا ! اسی لئے میں نے عرض کیا ہے کہ میں اتنی لمبی تقریر نہیں کر سکوں گا - جیسا کہ آپ نے ابھی ارشاد فرمایا ہے کہ میں نے اس کے متعلق اپنی گذارشات پہلی خواندگی میں پیش کر دی تھیں - لیکن اس وقت اتنا ہی کہنا چاہتا ہوں کہ اگر ملزم کو یہ حق نہ دیا جائے جو کہ میں اپنی ترمیم کے ذریعے ملزم کو دلانا چاہتا ہوں تو اس سے انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوں گے اور عدالت کو یا اسپیشل ٹریبونل کو اپنا فیصلہ کرنے میں اور درست فیصلہ کرنے میں انصاف کے تقاضے پورے کرنے کے سلسلے میں اس حد تک مدد نہیں مل سکے گی جس حد تک کہ اس ٹریبونل کو مدد اس صورت میں مل سکتی ہے جبکہ تمام شہادتیں اس کے سامنے قلم بند کی جائیں - میں سمجھتا ہوں کہ محض یہ کہہ دینا کہ اس سے مقدمات کا فیصلہ جلد ہوگا یہ درست نہیں ہے - اگر یہی غرض ہے

کہ جن جن عدالتوں میں وہ مقدمات تھے وہاں سے انہیں تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں ہے وہ وہاں فیصلے ہو سکتے تھے - مگر اسپیشل ٹریبونل توڑنے کی بھی دو صورتیں ہیں - ایک تو یہ کہ پہلا ٹریبیونل توڑ دیا گیا ہے تو ایسے مقدمات اس نئے ٹریبیونل کے سامنے آئیں گے یا کسی عدالت کے سامنے آئیں گے تو اس صورت میں غرض اور مدعا یہ ہے کہ مقدمات کا تصفیہ جلد ہو - اس کی بہترین صورت یہ ہے کہ جتنے مقدمات وہاں پڑے ہیں وہ وہیں ختم ہونے دیتے اس ترمیمی کلاز کو چھوڑ دیا جائے تاکہ اصل صورت حال وہ رہے کہ جہاں کا مقدمہ ہے وہیں اس کا فیصلہ ہو اور جو نئے مقدمات ہیں ان کا اسپیشل ٹریبونل کے سامنے ہو - جناب والا! ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی ترمیم کو اس معزز ایوان میں منظوری کے لئے پیش کرتا ہوں۔

**Malik Mohammad Akhtar :** It has been sufficiently debated, Sir. I do not want to rebut my friend, because we have already answered his points.

**Mr. Chairman :** I put the motion to the House. The motion moved is :

> "That in clause 2 of the Bill, the proposed sub-section (3) of Section 9 of Ordinance XXX of 1971 be substituted by the following, namely :—
>
> '(3). In respect of cases transferred to the Special Tribunal under sub-section (2), the Special Tribunal shall, if requested by the accused, recall and rehear all such witnesses whose evidence had been recorded by the Special Tribunal or Court from which the case had been transferred.' "

(*The motion was negatived*)

**Mr. Chairman :** The amendment is lost.

Do you also want to move this No. 2 ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** That cannot be moved.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Clause 2 has been put, Sir.

**Mr. Chairman :** That is beyond the scope.

**خواجہ محمد صفدر :** میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ کیسے اسکوپ کے اندر ہے - اس سے غلط فہمی دور ہو جائے گی - - - -

**Mr. Chairman :** I do not find anything .....

خواجہ محمد صفدر : پہلے کلاز ۲ پٹ کر لیں پھر آگے چلتے ہیں -

**Mr. Chairman :** Yes, I will put Clause 2.

Now, I will put the clause.

The question before the House is :

> "That Clause 2 forms part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman :** Clause 2 forms part of the Bill.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

> "That in the Ordinance XXX of 1971 for section 13, the following shall be substituted, namely :—
>
> '13. *Appeals from sentences by Special Tribunals, etc.*
>
> (1). A person sentenced by a Special Tribunal shall have a right of appeal to the High Court within whose jurisdiction the sentence has been passed..."

**Mr. Tahir Mohammad Khan :** On a point of order, Sir.

**Mr. Chairman :** No, no, I am hearing, let him read out.

**Mr. Tahir Mohammad Khan :** Sir, before he reads out, I want to raise a point of order.

Sir, before he could move the motion, before he could make the motion, Sir, I want to bring to your notice two things, Sir. It is 188......

**Mr. Chairman :** No, no, I know that. This 188 (1) is exactly before me, but I only wanted him to read what he wants.

**Mr. Tahir Mohammad Khan :** No. 2 Sir......

**Mr. Chairman :** I say how can we discuss a thing unless you know what he seeks to move ?

**Mr. Tahir Mohammad Khan :** If a motion has been moved, it forms part of the proceedings of the day, and would become the property of the House.

**Mr. Chairman :** No, no, if the motion is moved......

**Mr. Tahir Mohammad Khan :** Before making the motion, Sir, a permission of the House or the permission of the Chair is necessary under 189, Sir.

**Mr. Chairman :** He cannot make even.

**Malik Mohammad Akhtar :** Permission of the House......

**Mr. Chairman :** I see it is with regard to the time. This is not within the time-limit. This is moved only today. 189 requires that a notice of an amendment to a motion shall be given one day before the day on which the motion is to be considered.

**Malik Mohammad Akhtar :** What we mean to say that...

**Mr. Chairman :** No, no, but he is referring to 189.

**Mr. Tahir Mohammad Khan :** 188, Sir.

**Mr. Chairman :** 188, (1) and also 189. All right, now let us consider 189. 189 reads as follows :—

> "Notice of an amendment to a motion shall be given one day before the day on which the motion is to be considered, unless the Chairman allows the amendment to be moved without such notice."

Did you give any notice. I want to know, was the notice given ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes, Sir, notice was given.

**Mr. Chairman :** When ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Today in the morning, Sir.

**Mr. Chairman :** One day before the day, yes, but you should have given yesterday.

**Malik Mohammad Akhtar :** We agreed, Sir. There was a mutual arrangement. We do not take that.

**Mr. Chairman :** Khawaja Sahib, you do not worry much] about the objection No. 2 regarding inadequacy of the notice, because the Law Minister has conceded that because of the mutual agreement. Moreover, I can allow it without a day's notice. Now, the real thing is 188. It reads—

> "188. (1) An amendment shall be within the scope of, and relevant to, the subject-matter of the motion."

Where is the motion ? There is no such motion moved by the Law Minister to which it may be relevant. You see, there is no motion

[Mr. Chairman]

moved by the Law Minister in respect of which you are moving this amendment. This is a new thing. It is not relevant to the subject-matter of the motion. It is quite clear. You just read 188 (1).

خواجہ محمد صفدر : میں اس سے زیادہ کچھ نہیں کہنا چاہتا ۔

**Mr. Chairman :** Should I read, Khawaja Sahib. Either you have to convince me and I will give in, or I have to convince you and then you will cancede. Now, listen, an amendment shall be within the scope of and be relevant to the subject-matter of the motion to which it is proposed. Now, where is that motion to which this amendment is being proposed.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! محترم وزیر قانون نے مجھے کہا ہے کہ میں اس پر بحث نہ کروں ، لیکن میں ایک موٹی سی بات ضرور کروں کہ بل کا اسکوپ کیا ہے ؟

جناب چیئرمین : اسٹنڈنگ بل کا ؟

خواجہ محمد صفدر : جی ہاں !

جناب طاہر محمد خان : جناب والا ! اس میں موشن کا لفظ ہے ۔

جناب چیئرمین : وہ سمجھ گئے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر : وہ اور بات ہے اور شاید میں آپ کو سمجھا بھی دوں ۔

The scope of the Bill is determined by the preamble and the long title of the Bill as well as by the Statement of objects and reasons given in the Bill. On this there are so many rulings which can be quoted. I do not want to discuss them, because my friend has asked not to discuss it today. Perhaps he is in a hurry.

**Mr. Chairman :** You will have enough occasions......

**Khawaja Mohammad Safdar :** Certainly on some other occasion I will discuss them, Sir.

**Mr. Chairman :** Personally I feel that what the rule means is this that if there is a motion moved......

**Khawaja Mohammad Safdar :** Motion is this, Sir, the total Bill.

**Mr. Chairman :** There are so many motions, not one motion. Even with regard to a Bill there are more than one motion. Now, you seek to move an amendment, and that amendment can only be moved with regard to a motion. If there is a motion from this side, that motion has some subject-matter, and you are always within your right and quite competent to move an amendment within the scope of and relevant to the subject-matter of that motion. The motion is not the Bill.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, as I am not going to further move this motion, perhaps, I do not require the consent of the House to withdraw it. As I have not completed this amendment, therefore, I do not want to press it.

**Mr. Chairman :** What I gather is......

**Maulana Shah Ahmed Noorani Siddiqi :** On a point of explanation, Sir.

**Mr. Chairman :** For information ?

**Maulana Shah Ahmed Noorani Siddiqi :** For information.

میں یہ دریافت کرنا چاہتا تھا کہ ایوان میں کوئی بل کس فارم میں پیش کیا جاتا ہے - موشن کی فارم میں یا کسی اور فارم میں ؟

**جناب چیئرمین :** آپ میرا امتحان لینا چاہتے ہیں ؟ یہ بڑا لمبا چوڑا سوال ہے - میں نے مولانا صاحب سے صرف یہ عرض کی تھی کہ رول ۱۸۸ کے پیرا (i) کے تحت اگر کوئی موشن موو ہو جائے تو وہ موشن کا subject-matter ہوتا ہے اور آپ اس کی بنیاد پر ترمیم موو کر سکتے ہیں - جب کوئی موشن ہی موو نہیں کرتا تو سیکشن ۱۳ کا ذکر کہاں سے آ گیا -

I do not think it is quite relevant. I think personally this amendment cannot be moved in view of the provisions under rule 188(1). All right, but I am always open to conviction if on some other occasion you convince me, well, I can revise my ruling. I can always revise my ruling. So now we are left with the third reading, last reading, yes?

**Mr. Tahir Mohammad Khan :** Preamble and Clause 1, Sir.

**Mr. Chairman :** Yes, now the question before the House is :

> "That the Preamble, Short title and Clause 1 form part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman :** The Preamble, Short title and Clause 1 form part of the Bill.

Yes, now, you move.

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I beg to move :

> "That the Bill further to amend the Defence of Pakistan Ordinance, 1971 [The Defence of Pakistan (Second Amendment) Bill, 1976], be passed."

**Mr. Chairman :** The motion made is :

> "That the Bill further to amend the Defence of Pakistan Ordinance, 1971 [The

[Mr. Chairman]

Defence of Pakistan (Second Amendment) Bill, 1976], be passed."

**Khawaja Mohammad Safdar :** Opposed Sir.

جناب والا ! میں تو تقریر نہیں کروں گا مولانا صاحب تقریر کریں گے لیکن نماز کے بعد ۔

جناب چیئرمین : مولانا صاحب آپ تقریر کریں گے ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں نے تقریر کرنی ہے لیکن نماز کے بعد ۔ صرف دو چار منٹ بولوں گا

جناب چیئرمین : صرف دو چار منٹ بولیں گے ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** نماز کے بعد ذرا اطمینان سے بات کریں گے ۔

جناب چیئرمین : اگر دو چار منٹ بات کرنی ہے تو ، دو چار منٹ میں نماز کا وقت ختم نہیں ہوگا ۔

**Malik Mohammad Akhtar :** If he does not want to speak, then the motion may be put, Sir.

**مولانا شاہ احمد نوانی صدیقی :** نماز کا وقت ہوگیا ہے نماز کا وقفہ کر دیجیے ۔ اس کے بعد اطمینان سے بولوں گا ۔

جناب چیئرمین : آپ نے فرمایا ہے کہ دو چار منٹ سے زیادہ نہیں بولوں گا ۔ تو دو چار منٹ میں نماز کا وقت ختم نہیں ہوگا ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میرا مقصد یہ تھا کہ دو چار منٹ رہ گئے ہیں اس میں کیا بولنا ہوگا ۔

جناب چیئرمین : مجھے تکلیف یہ ہے کہ آپ کہتے کچھ اور ہیں اور مقصد کچھ اور ہوتا ہے وہ کہتے ہیں کہ میرا مقصد یہ تھا ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** ویسے یہ کہتے اور ہیں اور بل کا مقصد کچھ اور ہوتا ہے ۔ بات تقریباً وہی ہو رہی ہے ۔

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, under the rules, if an Hon'ble Member is called to make a speech and he does not want to make a speech, then the motion may be put.

**جناب چیئرمین :** دو چار منٹ میں نماز کا وقت ختم نہیں ہوگا ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں دو چار منٹ نہیں بولوں گا ۔ کچھ زیادہ ہی بولوں گا ۔ آپ نماز کا وقفہ کر دیجیے ۔

**ملک محمد اختر :** آپ بولیے تو صحیح ۔

**Malik Mohammad Akhtar** : Sir, then the motion be put.

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** نماز کا وقت ہو رہا ہے ۔ سات بج گئے ہیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** نماز کے بعد کر لیں گے ۔ نماز کا وقفہ کر دیں ۔

**جناب چیئرمین :** مولانا صاحب پھر کیا کریں ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** نماز کا وقفہ کر دیجیے ۔ اس کے بعد بولوں گا ۔

**Malik Mohammad Akhtar** : Sir, in that case, according to the rules, the motion may be put.

**جناب چیئرمین :** نماز کے پردے میں تو آپ مجھے فرائض منصبی سے نہیں روک سکتے یہ غلط بات ہے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** یہ بعد میں دیکھا جائے ۔

**جناب چیئرمین :** فرمائیے مولانا صاحب کیا کہتے ہیں ؟!

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** اگر آپ نماز کا وقت نہیں دیتے ہیں تو ۔ ۔ ۔

**جناب چیئرمین :** یہ بات غلط ہے ۔ پھر آپ لوگوں سے یہ کہیں گے کہ ہمیں نماز کے لئے اجازت نہیں دی ۔

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! نماز کا وقت ہوگیا ہے ۔ اس سے تو آپ انکار نہیں کر سکتے ۔

**جناب چیئرمین :** انہوں نے کہا تھا کہ میں دو چار منٹ سے زیادہ نہیں بولوں گا میں نے ان کو کہا کہ دو چار منٹ میں نماز کا وقت ختم نہیں ہوگا ۔ اب بولیے ۔ یہ اب انکار کرتے ہیں ۔ نہیں بولتے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** ٹھیک ہے ہم واک آؤٹ کرتے ہیں ۔

(اپوزیشن واک آؤٹ کر گئی)

**Mr. Chairman :** This is exploitation of the religion. This is not permissible. The word 'Namaz' should not be exploited that way. You know he said he will talk for about 2 or 4 minutes, and then he was declining and refusing to speak.

All right, the question before the House is :

> "That the Bill further to amend the Defence of Pakistan Ordinance, 1971 [The Defence of Pakisten (Second Amendment) Bill, 1976], be passed."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman :** The Bill stands passed unanimously.

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, All want to move......

**Mr. Chairman :** No, no, your side is also anxious to say prayer. Now, we will have a break for Namaz. Do you think that only Khawaja Safdar and Maulana Noorani say prayer ?

ملک محمد اختر : میں بھی نماز پڑھتا ہوں -

جناب چیئرمین : اگر آپ پڑھتے ہیں تو آپ کو بھی ضرورت ہونی چاہیے - اب تو وقت ہو گیا ہے -

**Mr. Chairman :** Now, at what time we will meet ?

**Malik Mohammad Akhtar :** At 7.30 p.m.

**Mr. Chairman :** All right. Now, there is break for prayer, and we will meet at 7.30.

*he Senate was adjourned for Maghrib prayer till 7.30 p.m.)*

*(The House re-assembled after Maghrib prayers.)*

**Mr. Chairman :** Yes.

## THE CRIMINAL LAW AMENDMENT (SPECIAL COURT) (AMENDMENT) BILL, 1976

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I beg to move :

> "That the Bill to amend the Criminal Law Amendment (Special Court) Act, 1976 [The Criminal Law Amendment (Special Court) (Amendment) Bill, 1976] as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Mr. Chairman :** The motion moved is :

> "That the Bill to amend the Criminal Law Amendment (Special Court) Act, 1976 [The Criminal Law Amendmend (Special Court) (Amendment) Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, again it is a very simple amending Bill. It is proposed to amend sub-section 1 of section 6, and I may read the section itself to indicate that it is very simple amendment :—

> "if any accused is added to the list of accused persons referred to in sub-section (1) of section 5 after the examination of any witness and if such accused pleads not guilty or refuse to plead or claims to be tried, or is not convicted by the Special Court on his plea of guilt (if made), the Special Court may recall and rehear all such witnesses whose evidence in its opinion affects such accused."

The matter is very simple. If during the trial before the High Court which is being conducted by three judges of the High Court something is revealed and it is found that some persons are to be added to the list of accused persons then in that case if that person pleads not guilty then the Special Court may hear all the witnesses concerning the allegations discovered in this respect.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! یہ ترمیمی بل بھی وزارت قانون کا ایک شاہکار ہے ۔ وہ اس طرح کہ اصل قانون ایک آرڈیننس کی شکل میں ۲۹-۱۲-۷۵ کو جاری ہوا اور ابھی اس آرڈیننس کو قومی اسمبلی یا سینٹ میں پیش نہیں کیا گیا تھا کہ اس کی ترمیم کے لیے ایک اور آرڈیننس جاری کرنا پڑا جو ۱۲ فروری کو جاری ہوا ۔ ان دونوں آرڈیننسوں کو ملا کر ایک بل کی شکل میں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے سامنے پیش کیا گیا ، پہلے قومی اسمبلی میں اور بعد میں اس معزز ایوان کے سامنے ۔ اس معزز ایوان نے ۱۳ اپریل کو اس consolidated بل کو منظور کیا اور مجھے شاباش دینی پڑتی ہے وزارت قانون کو کہ انہیں پھر اپنی کسی غلطی کا احساس ہوا اور ابھی صدر مملکت صاحب کی assent انہیں حاصل نہیں ہوئی تھی کہ اگلے روز پھر ایک ترمیمی بل جاری ہوگیا ۔ معلوم ایسا ہوتا ہے کیونکہ یہ قانون محترم وزیر صاحب کا نہیں ہے ان کا کام صرف پالیسی lay down کرنا ہے ۔ جہاں تک میں وزارت کے فرائض میں سمجھتا ہوں ۔ کچھ اناڑی اکٹھے ہوگئے ہیں جنہیں قانون سے کوئی مس ہی نہیں ہے اور نہ ہی انہیں یہ معلوم ہے

[Khawaja Mohammad Safdar]

کہ وزیر قانون کیا چاہتے ہیں - ایک ترمیم کے بعد دوسری ترمیم دوسری ترمیم کے بعد تیسری ترمیم اور یہ چند دنوں کے اندر اندر - مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس غریب ملک کے قیمتی سرمائے کو جو کہ عوام کی خون پسینے کی کمائی سے اکٹھا کیا جاتا ہے اس کا زیان ہو رہا ہے وقت کا زیان ہو رہا ہے اور اگر بیرونی دنیا کے لوگ یہ دیکھیں کہ ہم قانون سازی کس طرح کر رہے ہیں تو وہ ہم پر ہنسیں گے ہم ان کے مذاق کا نشانہ بنیں گے میں محترم وزیر قانون کو نہایت ہی ادب سے دوستانہ مشورہ دوں گا کہ وہ اپنے ڈویژن کی اصلاح کریں اور اس ملک کو نشانہ تضحیک نہ بنوائیں -

جناب والا ! اب میں اس قانون کے متن کے متعلق چند مختصر سی گذارشات کروں گا - محترم وزیر قانون نے ارشاد فرمایا ہے کہ یہ سیدھا سا بل ہے - شاید ان کا مطلب یہ ہو کہ اس میں کوئی اختلاف کی گنجائش نہیں ہے لیکن میری رائے میں اختلاف کی گنجائش ہے - جناب چیئرمین ! یہ اصل قانون اس غرض کے لیے بنایا گیا تھا کہ بعض قسم کے سنگین مقدمات جن میں بغاوت ، بغاوت کے لیے سازش ، اس قسم کے انتہائی سنگین جرائم ہوں - ظاہر ہے کہ اس قسم کے سنگین جرائم کی تفتیش ، ماہرین کے ہاتھ میں ہوگی - تفتیش کنندہ افسر ایسے چنے گئے ہوں گے جو کہ اپنے فن سے پوری طرح واقف ہوں اور ایک طویل عرصہ ایسے جرائم کی تفتیش جاری رہی ہوگی - ہمارے یہاں اس وقت ، جہاں تک مجھے معلوم ہے اس قانون کے تحت صرف ایک ٹریبونل بنا ہے اور ایک ہی مقدمہ اس کے سامنے ہے ہو سکتا ہے کہ کوئی اور بھی اس کے سامنے ہو - جہاں تک مجھے اس ایوان میں اس مقدمے کے کوائف معلوم ہوئے وہ یہ ہیں کہ سات اگست کو وہ مقدمہ رجسٹر ہوا -

**Malik Mohammad Aktar :** On a point of order, Sir. It cannot be permissible under the rules to discuss any of the case which are sub judice, and particularly I need not comment, I could only say with certain......

**Mr. Chairman :** What do you mean ?

**Malik Mohammed Aktar :** He is trying to comment on the......

**Khawaja Mohammad Safdar :** Not at all, Sir.

**Mr. Chairman :** He does not object to your saying of anything.

**Malik Mohammad Akhtar :** He wants to comment in respect of the conspiracy case pending before the Special Tribunal in Hyderabad, and I would like to raise an objection to that that he cannot do that.

**Mr. Chairman :** Look here Malik Sahib, there is nothing wrong in making a reference, slight reference, miner reference, to the effect that there is a conspiracy case pending, but he cannot comment on it. He cannot make it the subject-matter of the discussion, no, he cannot.

خواجہ محمد صفدر : انہوں نے میرا پوائنٹ ہی نہیں سمجھا - انہوں نے جلدی کی ہے -

**Mr. Chairman :** He will not be allowed to subject to criticism the procceedings there in that case.

خواجہ محمد صفدر : بالکل نہیں جناب ! میں اپنے اختیارات اور اپنی ذمہ داری سے پوری طرح آگاہ ہوں - میں ایسا کیوں کروں گا ؟ میری کہنے کی غرض یہ تھی کہ ۷ اگست کو وہ مقدمہ رجسٹر ہوا ابھی حال ہی میں اس کی سماعت شروع ہوئی اس سے آگے میں کچھ بھی نہیں کہنا چاہتا - میرا پوائنٹ یہ تھا کہ آٹھ نو ماہ اس مقدمے کی تفتیش ہوتی رہی جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ظاہر ہے کہ کسی اہم مقدمے کی تفتیش میں وقت لگے گا - اس میں بھی وقت لگے گا - میں سمجھتا ہوں کہ تفتیشی افسر ماہر ہیں - ان کو کافی وقت بھی دیا گیا اور کسی اور مقدمے میں بھی ان کو کافی وقت دیا جائے گا کوئی اس میں جلدی نہیں ہوگی اور اگر چھ یا سات یا آٹھ ماہ کسی مقدمے کی تفتیش ہوتی رہے تو جناب چیئرمین ! میں یہ پوچھتا ہوں کہ ماہرین تفتیش کر رہے ہوں کسی مقدمے کی ، چھ سات آٹھ ، دس ماہ یا سال بھر تو کیا کوئی گنجائش اس بات کی رہ جاتی ہے کہ مقدمے کے ٹرائل کے دوران میں کسی غیر شخص کا نام آجائے اور ملزمان کی فہرست میں اضافہ کرنے کی ضرورت پڑے -

**Malik Mohammad Akhtar :** Again on a point of order, Sir. He has again come to that thing. He says that we have completed the investigation, and we want to add something.

**Mr. Chairman :** No, no, he is not.

**Malik Mohammad Akhtar :** He should only restricts to the principle contained in this amendment.

**Mr. Chairman :** He is not referring to that case.

خواجہ محمد صفدر : استغفراللہ ! ملک صاحب آپ کو آج کیا ہوگیا ہے ؟ جناب یہ اصل متن میں دیکھیے - میں ابھی اس کی تشریح کرتا ہوں - جناب والا ! انہوں نے سیکشن پانچ میں ترمیم تجویز کی ہے - کلاز دو دیکھیے اس بل کی - اوریجنل کو دیکھنے کی ضرورت نہیں ہے کلاز دو میں "لسٹ آف" کے بعد کہتے ہیں کہ "اکیوزڈ پرسن" کے الفاظ کا اضافہ کیا جاۓ ، کلاز پانچ کا مقصد زبانی عرض کیے

[Khawaja Mohammad Safdar]

دیتا ہوں - شاید ملک صاحب بھول گئے ہوں کہ ہم سے ایک کلاز پاس کرائی تھی اور سیکشن پانچ کیا ہے ؟ سیکشن پانچ یہ ہے کہ استغاثہ کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ مقدمے کی کسی بھی سٹیج پر گواہان کی نئی فہرست پیش کر سکتا ہے یا نئے الزامات کی فہرست پیش کر سکتا ہے - اس وقت سیکشن پانچ یہ ہے - اب اس ترمیم کے بعد سیکشن پانچ کی شکل یہ ہو جائے گی کہ جہاں نئی فہرست گواہان کی پیش ہو سکتی ہے ، الزامات کی فہرست پیش ہو سکتی ہے وہاں ملزمان کی بھی ایک نئی فہرست پیش ہو سکتی ہے -

**Mr. Chairman**: After the words "list of" the words "accused persons" shall be inserted in the list of the accused persons. You are right, I say list of accused persons shall be inserted.

خواجہ محمد صفدر : میں عرض کر رہا ہوں میں نے صرف مثال دی ہے -

**Mr. Chairman**: He thought probably that you are referring to that conspiracy case.

خواجہ محمد صفدر : نہیں صاحب میں نے تو صرف مثال دی تھی -

**Mr. Chairman**: That is over.

خواجہ محمد صفدر : سات ماہ اس کی تفتیش ہوئی - کسی اور مقدمے کی سال بھر بھی ہو سکتی ہے تو جو حالات ہمیں سال بھر میں پتہ نہیں چل سکے -

**Malik Mohammad Akhtar**: Then, again he is referring to that. He is making the investigation stage, he is accusing the investigation stage and discussing the subject-matter.

**Mr. Chairman**: There are cases which may take years and years. You know and we know, and there are genuine cases also.

بس آپ نے ایک دفعہ کہا ہے دوبارہ نہ کہیں -

خواجہ محمد صفدر : میں جناب والا ! ایک خاص کیس کا حوالہ دیتا ہوں جہاں تک مجھے یاد ہے میرٹھ کانسپریسی کیس تین سال تک زیر تفتیش رہا - لاہور کانسپریسی کیس کئی سال سے زائد عرصہ کے لئے زیر تفتیش رہا - میں اس کو برا تو نہیں کہہ رہا میں تو یہ کہتا ہوں کہ جب اتنی لمبی تفتیش ہو تو پھر استغاثہ کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ فہرست ملزمان میں اضافہ کر سکیں ؟ یہ ہے میرا پوائنٹ اور میرے بھائی...

جناب چیئرمین : وہ غصے اس واسطے ہیں کہ کل آپ نے ان کے ساتھ فیصلہ کیا تھا کہ آج یہ نہ کریں کل کریں - جلد پاس کر دیں گے -

**خواجہ محمد صفدر :** جو فیصلہ ہوا ہے میں اس کا پابند ہوں -

**جناب چیئرمین :** آپ بارہ بجے تک لگے رہیں تو ٹھیک ہے ؟

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! جو بات ضرور کرنے والی ہے وہ تو کرنی ہے -

**جناب چیئرمین :** ان کا خیال تھا کہ وہ اتنی لمبی چوڑی بات نہیں کریں گے -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! یہ بڑا کنٹروورشیل بل ہے - جب اصل بل پیش ہوا تھا تو وہ بھی کنٹروورشیل تھا - میرے نکتہ نظر سے یہ متعلقہ بات ہے - میں سابقہ بل کا ذکر نہیں کرتا یہ پہلے ہی انتہائی سیاہ تھا اس کو سیاہ تر کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے - ایسی صورت میں مجھے بات تو کرنے کا حق ہے نہ جی ، میں بات تو کروں لیکن یہ ہے کہ ابھی کوئی ایسا وقت نہیں ہوا کہ جس سے کہ جلدی ہو آج انشاء اللہ اس کو ختم کر دیں گے -

**جناب چیئرمین :** آج ختم کرنا ہے خواجہ صاحب -

**خواجہ محمد صفدر :** ہاں جناب ! تو جناب دوسری بات جس کا میں ذکر کرنا چاہتا ہوں وہ کلاز تین سے متعلق ہے وہ یہ ہے جناب کہ اس مسودہ قانون میں یہ کہا گیا ہے کہ اگر عدالت یہ پسند کرے ، عدالت کی صواب دید پر چھوڑا گیا ہے کہ اگر وہ ضروری سمجھے تو پھر ان گواہان کا دوبارہ بیان ملزم کی موجودگی میں قلم بند کر سکتی ہے جس کی شہادت کی بناء پر اس کا نام فہرست ملزمان میں درج کیا گیا ہے اب جناب چیئرمین ! آپ جانتے ہیں کہ مسئلے کی ایک صورت یہ ہوتی ہے عدالت کی صواب دید پر چھوڑ دیا جائے اور مسئلے کی دوسری صورت یہ ہوتی ہے کہ متعلقہ آدمیوں کو حق دیا جائے - اب عدالت کی صواب دید کی صورت میں ملزم کو یہ حق نہیں ہوگا ملزم کا پریولج نہیں ہوگا اس کا رائٹ نہیں ہوگا بلکہ یہ محض عدالت کی مرضی ہوگی ، منشاء ہوگا کرے نہ کرے تو میری رائے میں یہ انصاف کے تقاضوں کے خلاف ہے کہ ملزم کا یہ حق چھین لیا جائے کہ جس شہادت کی بناء پر اس کو زمرہ ملزمان میں شامل کیا گیا ہے وہ دوبارہ طلب نہ کروا سکے -

جناب والا ! اس کی صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ شہادت استغاثہ ساری ختم ہو چکی ہو آخر گواہ اور ملزم کا ذکر کرتے ہوئے جو کہ اس وقت عدالت میں موجود ہوں یا جن کے نام فہرست ملزمان میں موجود ہوں اس کے علاوہ ایک تیسرے آدمی یا بالکل ایک غیر متعلقہ آدمی کو جس کا اس وقت تک مقدمہ سے بالکل تعلق نہیں ہے اس کا نام لے لیتی ہے ایک ملزم کی حیثیت سے اس پر الزام عائد

[Khawaja Mohammad Safdar]

کر دیتی ہے ان جرائم میں سے جن کے تحت مقدمہ کی سماعت ہو رہی ہے کہ ان میں سے کسی ایک کا ارتقاب فلاں آدمی نے بھی کیا ہے ایسی صورت میں اس مسودہ قانون کے پاس ہونے کے بعد استغاثہ کو یہ حق ہوگا کہ اس شخص کو بھی زمرہ ملزمان میں شامل کر لے - اب وہ شخص آتا ہے اس کو پتہ ہی نہیں ہے کہ کیا شہادت ہے کیونکہ اس کا کوئی تعلق ہی نہیں تھا - مقدمہ میں کیا شہادت ہوئی ہے کس کے خلاف ہوئی ہے کیا باتیں ہوئی ہیں -

*[At this stage the chair was vacated by Mr. Chairman and occupied by Deputy Chairman, Mr. Tahir Mohammad Khan]*

جناب مسعود احمد : نکتہ اعتراض جناب ! خواجہ صاحب نے ابھی جس گواہ کے بیان کا ذکر کیا کہ آخر میں وہ یہ بات کرے یہ تو بزمرہ ملزمان اس کو طلب کرے گی وہ عدالت ، اس آج کے بل میں کوئی ایسی پریولج نہیں ہے کہ جس کو یہ ڈسکس کر رہے ہوں - شاید پہلے قانون کو بھی خواجہ صاحب اس میں شامل کرنا چاہتے ہیں -

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ پوائنٹ آف انفارمیشن ہے آپ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ غیر متعلقہ بات کر رہے ہیں -

I cannot actually say that it should be expunged. We can simply request him to try to be relevant and that will be good.

خواجہ محمد صفدر : بندہ نواز ! آپ نے میری بات نہیں سنی - توجہ نہیں فرمائی -

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں تو اقرار کرتا ہوں کہ میری توجہ نہیں تھی -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! کلاز نمبر ۲ میں لکھا ہے کہ نئے ملزمان شامل ہو سکیں گے اور یہی بات میں کر رہا ہوں ، کہ نئے ملزمان شامل ہو سکیں گے -

جناب مسعود احمد خان : سنٹرل گورنمنٹ کرے گی اس کو ، استغاثہ نہیں کرے گا -

خواجہ محمد صفدر : استغاثہ کرے گا -

**Mr. Masud Ahmad Khan :** On behalf of the prosecution, the Federal Government will give additional list of persons to the Court.

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** میرے خیال میں مسعود صاحب آپ ڈیکورم کو دیکھیں جو بات آپ کو خواجہ صاحب کی پسند نہیں آئے گی - اس کے جواب کے لیے آپ کو پوری آزادی ہے - جواب مین آپ کہہ سکیں گے خواجہ صاحب میرے خیال میں آپ اپنی تقریر جاری رکھیں -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میں اپنی بات کو طول نہیں دیتا میرے دوست ذرا سمجھنے کی کوشش کریں اور میں زیادہ کوشش نہیں کرتا کہ غیر متعلق بات کروں ، قطعاً کوشش نہیں کرتا ویسے میں قسم بھی نہیں کھاتا کہ کسی وقت بھی غیر متعلق بات نہیں کرتا لیکن عام طور پر میں کوشش کرتا ہوں کہ متعلقہ بات کروں - کیونکہ مجھ پر اس بات کی ذمہ داری ہے کیونکہ میں سمجھتا ہوں اور میرے دوست بھی یہ سمجھتے ہیں کہ شاید ان مسائل کے متعلق کچھ جانتا ہوں - اس وجہ سے میں اپنی ذمہ داری کو محسوس کرتا ہوں تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ جو دوسرا مسئلہ ہے مجھے اس سے اختلاف ہے ملزم کو یہ حق حاصل ہونا چاہیے کہ اس کے متعلق جو شہادت ہوئی ہے اس کی غیر حاضری میں اس کی موجودگی میں بھی ہو ، اس حق کو اس طرح ڈاتیلیوٹ نہیں کر دینا چاہیے کہ اس کو عدالت کی صواب دید پر چھوڑ دیا جائے - ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** شکریہ - مسعود صاحب اگر آپ تقریر کرنا چاہیں تو فرمائیے -

**جناب مسعود احمد خان :** محترم چیئرمین ! میرے خیال میں خواجہ صاحب نے ابھی تک اس پہلی بحث کو اپنے دماغ میں سمویا ہوا ہے جو اس سے پہلے ہوئی ہے اس میں تو جناب والا ! صرف یہ بات ہے کہ اگر مرکزی حکومت یہ سمجھے کہ کسی ایسے شخص کے خلاف مواد موجود ہے جو اس ٹریبونل کے سامنے پیش ہونا چاہیے تھا بطور ملزم—تو اس قانون میں اس کی گنجائش نہ تھی اب سیکشن ۵ جو ہے اس میں ملزمان ، فورمل چارج ، گواہیوں کی فہرست اور وہ گواہیان جو ان کے خلاف آنی تھیں - ان کا مواد پیش ہونا چاہیے تھا - خواجہ صاحب کو اچھی طرح پتہ ہے کہ جب عدالت میں چالان پیش ہوتا ہے اور چالان سے مراد بھی یہی ہے کہ ملزمان اور گواہان اور ان کے خلاف جوفارمل چارج ہے وہ بیک وقت پیش ہونا چاہیے تو اگر کوئی ایسا ملزم ہے جو رہ جاتا ہے جو اس وقت ملک میں نہیں ہے یا ایسا ملزم جس کے خلاف مواد بعد میں آتا ہے تو اس کو بری الذمہ کر دیا جائے گا -

[Mr. Masud Ahmad Khan]

اس بات سے ختم کر دیا جائے کہ اس کیس میں ٹرائبل نہیں ہے اور مرکزی حکومت نے یہ مناسب سمجھا کہ اس بل کی ترمیم کے ذریعے کوئی شخص جس کے خلاف مواد بعد میں آتا ہے ان کے سامنے استغاثہ کی طرف سے فارمل چارج اور اس کا نام اور اس کے خلاف تمام گواہان ہیں پیش ہوتے تو وہ پیش ہو سکتے ہیں مجھے سمجھ نہیں آئی کہ جیسا کہ ہمارے قانون میں بھی یہ بات درج ہوتی ہے کہ خانہ نمبر ۲ میں ایک ملزم کو رکھ دیا جاتا ہے جس کے خلاف انوسٹیگیشن میں تو کوئی بات نہیں ہوتی کہ اس کے شروع ہونے تک بھی اس کے خلاف کوئی مواد نہیں جب کیس شروع ہو جاتا ہے تو کوئی گواہ اگر ایسی بات کر دیتا ہے تو عدالت اس کو طلب کرتی ہے اور یہ اختیار بھی مرکزی حکومت نے اپنے پاس رکھنا ہے کہ اگر ایسا ملزم جس کے خلاف مواد ہے تو جناب والا ! اس کو عدالت کے سامنے پیش کیوں نہیں کیا جائے مجھے سمجھ نہیں آتی کہ ان ملزمان کو یہاں ڈیفنڈ کیا جا رہا ہے جو High Treason Act کے تحت ٹرائی ہوں گے اور جن کے خلاف مواد باہر بھی ہے اور وہ عدالت کے سامنے پیش نہ کیے جائیں بلکہ ان کے لئے عدالت تمام گواہوں کا بیان قلمبند کرنے کے بعد ، سزا سنانے کے بعد یا بری کرنے کے بعد اس کا ٹرائل پھر سے شروع کرے یہ حالت مجھے سمجھ نہیں آئی میں خواجہ صاحب کی خدمت میں جناب والا ! آپ کے توسط سے استدعا کرتا ہوں کہ اس میں کوئی ایسا سکم نہیں ہے -

**Mr. Deputy Chairman :** Law Minister, do you want to speak ?

**Malik Mohammad Akhtar :** No, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Now, I will put the question to the House.

The question is :

> "That the Bill to amend the Criminal Law Amendment (Special Court) Act, 1976 [The Criminal Law Amendment (Special Court) (Amendment) Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman :** Now, we will take up the Bill, clause by clause

**Clause 2.** There is an amendment by Khawaja Mohammad Safdar.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں اس کلاز کی مخالفت کے لئے کھڑا ہوا ہوں کیونکہ میری رائے میں کلاز ۲ غیرضروری ہے اور اس کو اس بل کا حصہ نہیں رہنا چاہیے جناب چیئرمین ! کلاز ۲ کے تحت سیکشن پانچ میں بعض ترامیم کرنے کی تجویز کی گئی ہے اور سیکشن پانچ میں یہ اختیارات حاصل کیے گئے ہیں کہ فہرست گواہان میں استغاثہ کسی وقت بھی اضافہ کر سکتا ہے اور الزامات کی فہرست میں بھی اضافہ کر سکتا ہے اب اس ترمیم کے ذریعے یہ اختیارات حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ ملزمان فہرست میں بھی کسی مقدمے کی سماعت کے دوران کسی مرحلے پر اضافہ ہو سکتا ہے یہ اختیار فیڈرل گورنمنٹ یا استغاثہ کو ہوگا محترم سینٹر مسعود خان صاحب ، عام فوجداری مقدمات کے سلسلے میں یہ ارشاد فرمایا ہے کہ بعض اوقات تفتیش کے بعد پولیس کسی ملزم کو خانہ نمبر ۲ میں رکھ دیتی ہے یا لکھ دیتی ہے تو خانہ نمبر ۲ کے جو ملزم ہوں ان کے متعلق یہ رپورٹ پولیس کرتی ہے کہ اگرچہ استغاثہ نے ان کا نام دیا ہے لیکن ان اشخاص کے خلاف کوئی ثبوت بہم نہیں پہنچ سکا کہ ان کی سزایابی کی توقع ہو یا پولیس انہیں مجرم سمجھتی ہو - جناب والا ! اس قسم کی کوئی شے اس زیر بحث قانون میں نہیں ہے نہ یہاں خانہ نمبر ۲ کی بات ہے اور نہ خانہ نمبر ۱ کی بات ہے سیدھی بات ہے کہ کسی شخص کا ذکر اذکار کسی سٹیج پر نہیں ہوا اور یک لخت کسی لمحہ اس کا ذکر آ جاتا ہے اور اس بناء پر استغاثہ اس شخص کو زمرہ ملزمان میں شامل کرنے کے لئے ایک فہرست دے دیتا ہے ایک نئی فہرست دے دیتا ہے جس کو عدالت قطعی طور پر لینے سے نہ تو انکار کر سکتی ہے اور اسے مسترد کر سکتی ہے یہ اختیار بالکل نہیں ہوگا جناب والا ! کیونکہ اس موضوع پر پہلے بھی بات ہو چکی ہے اس لیے میں اس کو دہرانا نہیں چاہتا ہوں صرف اتنا عرض کرتا ہوں کہ جو طریقہ کار کریمینل پروسجر میں دیا ہوا ہے اس طریقہ کار کو اپنائیے جس کو کم و بیش نصف صدی یا ۸۰ سال ہو گئے ہیں اور اس پر اس ملک میں عمل ہو رہا تھا اور ہو رہا ہے اور وہ طریقہ کار جو آزمایا ہوا ہے اس سے باہر جاکر نئی نئی اختراعیں پیدا کرنا اور نئے نئے اختیارات حاصل کرنا میرا خیال ہے کہ کسی طرح بھی انصاف کے تقاضوں کو پورا نہیں کرتا اور اس ملک میں بسنے والے صرف انصاف مانگتے ہیں اس سے زیادہ کچھ نہیں مانگتے جس شخص نے کوئی جرم کیا ہے اس کو واقعی سزا ملنی چاہیے لیکن ہمیں اندیشہ ہے کہ ذاتی رنجش کی بناء پر ذاتی بغض و عناد کی بناء پر ذاتی دشمنی کی بناء پر معروضہ دشمنی کی بناء بعض بے گناہوں کو بھی اس قانون کی زد میں لا کر نقصان پہنچایا جائے گا اور ان کو طویل سزائیں دلائی جائیں گی -

**Mr. Deputy Chairman :** His argument is that you want to cause damage to the people. What do you say ?

**Malik Mohammad Akhtar :** These are mere apprehensions. I need not go into details.

**Mr. Deputy Chairman :** Then I will put the question.

The question is :

"That Clause 2 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman :** Clause 3. There is an amendment by Khawaja Mohammad Safdar.

**Khawaja Mohammad Safdar :** I beg to move :

"That in Clause 3 of the Bill, the word 'may' occurring in the fifth line of the new Clause (cc) be substituted by the word 'shall' and the words 'in its opinion' occurring in the sixth line be omitted."

**Mr. Deputy Chairman :** "That in Clause 3 of the Bill, the word 'may' occurring in the fifth line of the new Clause (cc) be substituted by the word 'shall' and the words 'in its opinion' occurring in the sixth line be omitted."

**Malik Mohammad Akhtar : Opposed.**

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! اس کا مدعا اور مقصد میں پہلے بیان کر چکا ہوں اس پہلی خواندگی کے دوران میں نے جو گذارشات کی ہیں ان کی تائید میں صرف یہ عرض کروں گا کہ یہ ملزم کا حق ہے کہ اس کے خلاف استغاثہ جو شہادت پیش کرے اس کو وہ سنے اور اس کے متعلق اگر وہ جرح کرنا چاہے یا اپنے وکیل کے ذریعے جرح کرانا چاہے تو اسے یہ حق ہونا چاہیے لیکن اس سے یہ حق چھینا جا رہا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ انصاف کے مسلمہ اصولوں کی خلاف ورزی ہے اس بناء پر میں چاہتا ہوں کہ ان الفاظ کو جن کا میں نے ذکر کیا ہے کہ may کو shall سے تبدیل کیا جاۓ اور in its opinion یہ جو الفاظ ہیں ان کو حذف کیا جائے اس بناء پر یہ اختیار عدالت کو نہیں ہونا چاہیے بلکہ ملزم کو یہ

اختیار ہونا چاہئے خواہ وہ اپنا حق استعمال کرے یا نہ کرے اس کو اس کی صوابدید پر چھوڑا جائے -

**Malik Mohammad Akhtar :** The matter is very simple. It is a high-powered Tribunal and I don't consider there is any necessity of making such a mandatory provision in respect of the procedure. They can do anything which is required for adjudication of the case.

**Mr. Deputy Chairman :** The question is :

> "That in Clause 3 of the Bill, the word 'may' occurring in the fifth line of the new Clause (cc) be substituted by the word 'shall' and the words 'in its opinion' occurring in the sixth line be omitted."

(*The motion was negatived*)

**Mr. Deputy Chairman :** The question is :

> "That Clause 3 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman :** The question is :

> "That Clause 4 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman :** Now, we come to Clause 1.

**Khawaja Mohammad Safdar :** I beg to move :

> "That in the Preamble of the Bill the word 'further' be omitted."

**Mr. Deputy Chairman :** The motion is :

> "That in the Preamble of the Bill the word 'further' be omitted."

**Malik Mohammad Akhtar :** Opposed.

**Mr. Deputy Chairman :** Let us understand the philosophy of it.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! مجھے یقین ہے کہ محترم وزیر قانون صاحب جب میں بات کروں گا تو مجھ سے اتفاق کریں گے - یہ اور بات ہے کہ اپنی مجبوری کا اظہار کریں کہ میں یہ ترمیم قبول نہیں کر سکتا - جناب والا ! پریمبل میں 'فردر' سے مراد یہ ہے کہ سابقہ قانون جس کا نمبر Act 17 of 1976 ہے یہ اس سے

[Khawaja Mohammad Safdar]

پہلے بھی ترمیم ہو چکا ہے - یعنی جب بھی 'فردر' کہا جاتا تو اس سے presume کیا جاتا ہے کہ اس سے پہلے یہ ترمیم ہو چکی ہے لیکن جہاں تک مجھے یاد ہے اس سے پہلے ترمیم نہیں ہوئی - اس لیے لفظ 'فردر' جو ہے یہ ہمیں غلط راستہ دکھاتا ہے - 'فردر' سے فوراً ذہن میں آتا ہے کہ پہلے بھی کوئی ترمیمی بل ہوگا - تو وہ ترمیمی بل کہاں ہے ؟ میں ابھی آپ کو سمجھانے کی کوشش کرتا ہوں - میرے دوست شاید مجھے بتائیں گے Criminal Law Amendment (Special Court) (Second Amendment) Ordinance جو ہے یعنی جس روز دوسرا ترمیمی آرڈیننس جاری ہوا تھا جس کا نمبر ۱۶ ہے اس دن ۱۵ تاریخ تھی - اسوقت اس بل کی assent نہیں ہوئی تھی - یہ بل نہیں تھا - ورنہ اگر یہ بل ہوتا تو پھر اس کی صورت اور ہوتی - میرے پاس اصل آرڈیننس ہے - یہ Ordinance No. 16 of 1976 - اگر بل میں اس آرڈیننس کے ذریعے ترمیم ہوتی تو اوریجنل ایکٹ میں اس صورت میں لکھا جاتا اور اس طرح نہ لکھا جاتا -

> "Whereas it is expedient further to amend the Criminal Law Amendment (Special Court) Ordinance..."

تو اوریجنل آرڈیننس میں دو بار ترمیم ہوئی ہے - میں مانتا ہوں کہ وہ ٹھیک ہے - لیکن جو پہلا ترمیمی آرڈیننس تھا اس کو اوریجنل آرڈیننس کے ساتھ ملا کر ترمیم کر لیا جیسا کہ میں پہلی خواندگی میں عرض کر چکا ہوں کہ وہ ایک بل کی شکل میں پیش کیا گیا جس کو ہمارے اس معزز ایوان نے ۱۴ اپریل کو منظور کیا اور ۱۵ اپریل کو یہ آرڈیننس جاری ہوا - یہ آرڈیننس اصل آرڈیننس کو ظاہر کرتا ہے - اس وقت یہ ایکٹ نہیں تھا کیونکہ اسے جناب صدر مملکت کی منظوری حاصل نہیں تھی - اس لیے جب اس وقت ہمارے سامنے آتا ہے تو جناب صدر مملکت کی assent حاصل ہو چکی ہوئی ہے - جب بل کی شکل میں ہمارے سامنے آتا تو یہ 'فردر' نہیں کرتا بلکہ صرف ترمیم کرتا ہے - اب اس کا جواب دیں -

ملک محمد اختر : جناب والا ! اس کا جواب بالکل ضروری نہیں ہے - یہ دوسری خواندگی ہے - اس لیے یہ 'فردر' کا لفظ استعمال کیا گیا ہے -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! یہ incorrect ہے -

I challenge this statement

جناب ڈپٹی چیئرمین : ان کی یہ پرابلم ہے کہ اس کو دوبارہ جوائنٹ سٹنگ میں جانا ہوگا -

**Malik Mohammad Akhtar** : It is not correct. I am not prepared to accept his mastery and inefficiency of my Department. At the same time, I do not want to waste the time of the House. English is a rich language. It can be written, re-writien re-written and re-written.

(*Laughter*)

**Mr. Deputy Chairman** : Well, the Law Minister is not going to accept the amendment. I put it to the House.

The question before the House is :

> "That in the Preamble of the Bill the word 'further' be omitted."

(*The motion was negatived*)

**Mr. Deputy Chairman** : The amendment is rejected. Now, I will put the last Clause.

The question before the House is :

> "That the Preamble, Short-title and Clause 1 form part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman** : The Preamble, Short-title and Clause 1 form part of the Bill. Now, Item No. **6.**

**Malik Mohammad Akhtar** : Sir, I beg to move :

> "That the Bill to amend the Criminal Law Amendment (Special Court) Act, 1976 [The Criminal Law Amendment (Special Court) (Amendment) Bill, 1976], be passed."

**Mr. Deputy Chairman** : The motion moved is :

> "That the Bill to amend the Criminal Law Amendment (Special Court) Act, 1976 [The Criminal Law Amendment (Special Court) (Amendment) Bill, 1976], be passed."

**Khawaja Mohammad Safdar and Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi** : Opposed.

**Mr. Deputy Chairman** : It is opposed. Any speech ?

**Malik Mohammad Akhtar** : No. speeches, Sir.

**خواجہ محمد صفدر** : جناب والا ! میں اس ظالمانہ قانون کے پاس ہونے میں حصہ نہیں لینا چاہتا اور میں واک آؤٹ کرتا ہوں ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! میں بھی واک آؤٹ کرتا ہوں -

(*At this stage the Opposition staged a walk out.*)

**Mr. Deputy Chairman :** Now, I will put the question.

The question before the House is :

> "That the Bill to amend the Criminal Law Amendment (Special Court) Act, 1976 [The Criminal Law Amendment (Special Court) (Amendment) Bill, 1976], be passed."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman :** The Bill is adopted. Should we meet tomorrow in the morning ? What is the sense of the House ?

**Mr. Ahmad Waheed Akhtar :** Let it be in the evening, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Does evening suit everybody ?

**Hon'ble Members :** Yes, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** The Senate stands adjourned to meet tomorrow at 5.00 p.m.

————

[*The House then adjourned to meet at five of the clock in the evening on Wednesday, May 12, 1976.*]

————